آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 24 شوال 1447 پیر 13 اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 37

لیبیا اور کارابا خ کی طرح اسرائیل میں بھی گھس سکتے ہیں
طیب اردگان

اسرائیلی فیصلہ اور ہٹلر کی یہودی مخالف پالیسیوں میں کوئی فرق نہیں، صرف فلسطینیوں کیلئے سزائے موت کا نفاذ قانون کو نسل پرست فاشزم کے آلہ کار میں بدل دیتا ہے، ترک صدر

اسرائیل نے 254 لبنانیوں کو بے دردی سے قتل کر دیا، اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو اسرائیل پر حملہ کر دیں گے، اسرائیل کو اس کی جگہ دکھائیں گے، نیتن یاہو کو ہٹلر قرار دے دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

ایرانی کرنسی کی قیمت میں بڑا اضافہ، خریداروں کو وارننگ

ایسے رجحانات عموماً غیر مستحکم ہوتے ہیں اور ان میں اچانک تبدیلی آ سکتی ہے، ماہرین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

ایران کا وفد اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کے بعد واپس روانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

آج وزیر اعلیٰ سندھ پولیو مہم کا افتتاح کریں گے، ترجمان

ٹیمیں گھر گھر جا کر 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26



ٹنڈو الہ یار، صدر آصف علی زرداری پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی غلام قادر مری کے انتقال پر گاؤں رئیس غلام قادر مری پہنچ کر اہل خانہ سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عاصم منیر غیر معمولی شخصیت قرار

ایران کو ٹول دینے والا جہاز آبنائے ہرمز سے نہیں گزرے گا، ٹرمپ

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا وعدہ کیا تھا اور جان بوجھ کر ایسا نہیں کیا، اس کے نتیجے میں دنیا بھر کے بہت سے لوگوں اور ممالک میں بے چینی اور تکلیف پیدا ہوئی، امریکی صدر

ہم اپنی فوجی کارروائیوں کو منطقی انجام تک پہنچاتے لیکن ان تمام نکات کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی جب بات اس چیز کی ہو کہ جوہری طاقت ایسے غیر مستحکم، مشکل اور غیر متوقع لوگوں کے ہاتھ میں چلی جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

ایران نے آبنائے ہرمز سے گزرنے پر ٹول ٹیکس لگا دیا

آبنائے ہرمز پر نئی پالیسی سے عالمی معیشت اور توانائی کی منڈیوں پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، ماہرین

حکومت قومی مفادات کے تحت اس اہم سمندری راستے پر مکمل کنٹرول اور مؤثر مینجمنٹ قائم کرے گی، ابراہیم عزیزی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



مردان، جمعیت علما اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمٰن اسپورٹس کمپلیکس میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل ناجائز ریاست، وجود قبول نہیں کیا جا سکتا
فضل الرحمٰن

عالمی طاقتوں کی پاکستان میں بیٹھ کر امن کی تلاش خوش آئند، امریکہ اور ایران پاکستان کی سرزمین پر بیٹھ کر دنیا کیلئے امن تلاش کر رہے ہیں

پاکستان میں مہمانوں کی عزت کے قائل ہیں، حکومت نے عالمی دباؤ کے تحت عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالا، غریب عوام کے خلاف فیصلے واپس لیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



راولپنڈی، وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی راولپنڈی میں اپ گریڈ شدہ سفاری ٹرین کا افتتاح کر رہے ہیں

کسی ڈیل کے بغیر ہم واپس امریکا جا رہے ہیں
جے ڈی وینس

کسی معاہدے پر نہیں پہنچ سکے

ہمارے ایران کے ساتھ طویل مذاکرات ہوئے ہیں لیکن بری خبر یہ ہے کہ ابھی تک حتمی معاہدے تک نہیں پہنچے اور یہ امریکا سے زیادہ ایران کیلئے بری خبر ہے

گزشتہ 21 گھنٹے سے مذاکرات جاری ہیں جن میں مختلف امور پر بات چیت ہو رہی ہے، مذاکرات میں نیک نیتی کیساتھ شرکت کی اور اپنی شرائط واضح طور پر پیش کی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



مسلم لیگ ن کے سینیٹر خواجہ سعد رفیق سابق گورنر پنجاب سردار ذوالفقار کھوسہ کے انتقال پر ان کے صاحبزادے سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

اسلام آباد مذاکرات پہلا بریک تھرو چیلنج بدستور موجود

مذاکرات میں دیگر ممالک کی شرکت کا امکان، پاکستان نے بطور ثالث کلیدی کردار ادا کیا جسے فریقین نے سراہا

اگر یہی رفتار برقرار رہی تو یہ مذاکرات خطے میں بڑی اور مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتے ہیں، سفارتی ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں مختلف ہائی کورٹس کی بارز کے عہدیداروں سے خطاب کر رہے ہیں

فریقین جنگ بندی برقرار رکھیں
اسحاق ڈار

پاکستان کوششیں جاری رکھے گا

میں نے اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں فریقین کے درمیان کئی مراحل پر مشتمل سخت لیکن تعمیری مذاکرات میں ثالثی کا کردار ادا کیا

یہ نہایت ضروری ہے کہ تمام فریقین جنگ بندی کے اپنے عزم پر قائم رہیں، پاکستان کی جانب سے دونوں فریقین کا شکریہ ادا کرتا ہوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

امن واحد حل، جنگوں سے دنیا قائم نہیں رہ سکتی، حنیف عباسی

مذاکرات میں پیشرفت کو اس طرح لیا جائے کہ انشاء اللہ امن تک پہنچیں گے، وزیر ریلوے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

مذاکرات میں بعض امور پر پیش رفت ضرور ہوئی، تین اہم نکات پر اختلافات برقرار رہے، ایران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

نکاسی آب کے پراجیکٹس جون سے قبل مکمل کرنے کا ہدف

واسا کمپلیکس میں افسران کے ہوسٹل بھی بنائے جائیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

ہمارا نظام انصاف ایک تعفن زدہ لاش بن چکا ہے، حافظ نعیم

ملک آئین و قانون کی بالادستی کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتا، امیر جماعت اسلامی پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کراچی سے لاہور کیلئے نجی ایئر لائن کی پرواز میں تاخیر سے مسافر شدید پریشانی کا شکار ہو گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

برطانیہ، فلسطین کے حق میں مظاہرہ 500 سے زائد افراد گرفتار

احتجاج میں حراست میں لئے گئے افراد کی عمریں 18 سے 87 کے درمیان ہیں، رپورٹ

باغ کورنگی پل پر ڈاکوؤں کی سرعام لوٹ مار کی ویڈیو آ گئی

پل پر ٹریفک جام اور دوسری جانب ڈاکو ہاتھوں میں کلاشنکوف اٹھائے لوٹ مار میں مصروف ہیں



حیدرآباد، پی ایس ٹی اور جے ایس ٹی امیدوار آفر لیٹرز نہ ملنے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائیگی
وزیر داخلہ ضیا لنجار

2 گروپس کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں 5 افراد زخمی، وزیر داخلہ نے ایس ایس پی سکھر سے رپورٹ طلب کر لی

زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جائے اور ان کے علاج معالجے کے لیے تمام تر سہولیات بروئے کار لائی جائیں، ہدایت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کے حملے، 97 افراد جاں بحق

2 مارچ سے جاری اسرائیلی حملوں میں اب تک 2 ہزار 20 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

کفایت شعاری پالیسی کی خلاف ورزی پر 35 دکانیں سیل

75 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، تحصیل شالیمار میں 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

سائٹ ایریا سے لاپتہ ہونے والی لڑکی ڈرگ روڈ سے بازیاب کرا لی گئی

سانحہ 11 اپریل 2006 کو 19 برس بیت گئے

نشتر پارک جلسے میں حملے کی منصوبہ بندی وزیرستان میں کی گئی تھی، تحقیقاتی حکام

متعدد دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا گیا تاہم کئی مرکزی کردار تاحال مفرور ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44

بلدیہ ٹاؤن سے لاپتہ ہونے والی میٹرک کی طالبہ سول اسپتال سے مل گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ کی سربراہی میں وفد گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہا ہے

اطلاعات ETTELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi
Scan me!

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



عباسی برادری کے سربراہ ڈاکٹر شفقت حسین عباسی اور مرکزی جنرل سیکرٹری سردار بابر کی مذمت اشرف خان خٹائی سے ملاقات میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

عوام دوست منڈی ملک بھر سے بیوپاریوں اور جانوروں کی آمد

اندرون ملک سے بیوپاریوں کے بڑے قافلے پہنچنا شروع ہو چکے ہیں' منڈی میں قربانی کے جانوروں کی ریکارڈ تعداد متوقع ہے، ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی

جیکب آباد سے آنے والے بیوپاریوں کے بڑے جتھے دیدہ زیب اور صحت مند جانوروں کے ساتھ مویشی منڈی میں پہنچے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے ناردرن بائی پاس پر قائم عوام دوست منڈی میں قربانی کے جانوروں کی آمد کا سلسلہ تیز ہو گیا، اندرون ملک سے بیوپاریوں کے بڑے قافلے پہنچنا شروع ہو چکے ہیں ... جبکہ شہریوں نے بھی منڈی کا رخ کرنا ہے' تفصیل کے مطابق کراچی کی عوام دوست منڈی میں عید قربان کی آمد سے قبل ہی گہما گہمی دکھائی دینے لگی ہے، ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں جانور عوام دوست منڈی پہنچ رہے ہیں، جیکب آباد سے آنے والے بیوپاریوں کے بڑے جتھے دیدہ زیب اور صحت مند جانوروں کے ساتھ مویشی منڈی میں پہنچے ہیں، بیوپاری خان خلافانی جیکب آباد سے 32 بہترین جانور لے کر مویشی منڈی پہنچا ہے کہا امید ہے اس بار کراچی کے شہری ہمارے مال کو پسند کریں گے، جیکب آباد سے تعلق رکھنے والا ایک اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کونسل کے بارہویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طائیز مارشل آرٹ اکیڈمی کی بندش، معاشی قتل ہے' ڈاکٹر شفقت حسین عباسی

پاکستان کراٹے فیڈریشن کے نام سے تنظیم بنا کر اسے عالمی اولمپکس کمیٹی اور پاکستان اسپورٹس بورڈ سے رجسٹرڈ کرایا

عباسی برادری کے سربراہ اور مرکزی جنرل سیکرٹری سردار بابر کی مذمت اشرف خٹائی سے ملاقات میں اظہار یکجہتی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

ہزارہ قبائل مشاورتی کونسل کی جانب سے شہدائے ہزارہ کانفرنس کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہزارہ قبائل مشاورتی کونسل کی جانب سے اتوار کو مقامی ہوٹل میں شہدائے ہزارہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت چیف آرگنائزر خان محمد تنولی نے کی۔ کانفرنس میں مقتدا اعوان، رفیق خان ہزاروی، حاجی ذوالفقار علی خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

"فکر کراچی نشست" نامی تقریب میں صحافی کیساتھ بدسلوکی پر شدید ردعمل

شعیب النبی مجددی، کمپیئر نعیم طاہر سے اجازت لینے کے بعد ایک معروف شاعر کی غزل پیش کر رہے تھے

شعیب النبی مجددی کے ساتھ پیش آنیوالے غیر مہذب واقعے کی مختلف حلقوں کی جانب سے مذمت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

شہر قائد میں موسم گرم اور خشک جبکہ سمندری ہوائیں معطل رہیں گی، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شہر قائد میں موسم گرم اور خشک جبکہ سمندری ہوائیں معطل رہیں گی ... محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کو کم سے کم درجہ حرارت 3.23 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 56 فیصد ریکارڈ کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کی صدارت میں کونسل کا اجلاس منعقد

اجلاس میں کئی سڑکوں و مقامات کو نام دینے کی قرار دادیں متفقہ طور پر منظور

رکن کونسل محمد صادق کی ایران پر حملے و شہادتوں پر مذمتی قرارداد منظور کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کی سربراہی میں کونسل کا بارہواں اجلاس منعقد ہوا ... تحت 17 مختلف سڑکوں و دیگر مقامات کے نام تجویز کرنے کی قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

خلائی ٹیکنالوجی فشریز میں انقلاب برپا کر سکتی ہے' محمد علی ملکانی

گہرے سمندر میں مچھلیوں کے ذخائر کی درست نشاندہی کیلئے خلائی ڈیٹا کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، جس سے ماہی گیری کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکتا ہے

جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے سائنسی اور ڈیجیٹل ذرائع کا استعمال ناگزیر ہو چکا ہے' صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز کا عالمی یوم خلائی پرواز کے موقع پر پیغام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



کراچی چیمبر کا وفد فیصل آباد چیمبر کے وفد کو دورے کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہا ہے

غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیل خلاف ورزیاں کر رہا ہے' ثروت اعجاز قادری

فلسطینیوں کو انصاف کب ملے گا' جنگ بندی سے اب تک اسرائیل کے فضائی اور زمینی حملوں میں سینکڑوں فلسطینی شہید ہو چکے ہیں' رہنما پاکستان سنی تحریک

اسرائیل کے ظلم و ستم کا شکار دیگر مذاہب کے لوگ بھی ہو رہے ہیں، بلال عباس قادری' اسرائیل خوف اور دہشت پھیلا کر مسلم ممالک پر قبضے کا خواب دیکھ رہا ہے، بلال سلیم قادری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

زیرو پوائنٹ حب کینال پر ترقیاتی کام مکمل، ترجمان

اہم انفرااسٹرکچر کی تکمیل کے بعد زیرو پوائنٹ پر دونوں کینالز کو حب ڈیم سے جوڑ دیا گیا

حب پمپنگ اسٹیشن سے ضلع غربی اور کیماڑی میں پانی کی فراہمی شروع، واٹر کارپوریشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

کراچی چیمبر فیصل آباد چیمبر کا روابط بڑھانے پر اتفاق

اہم اقتصادی چیلنجز پر

مسلسل مشاورت وقت کی اہم ضرورت ہے' تاجر برادری کی مشکلات کا حل اکیلے نہیں' مل کر نکالیں گے، ریحان حنیف، فاروق یوسف شیخ

بجلی، گیس کے بلند نرخ، ٹیکسوں کی بھرمار، حکومت کے سامنے مشترکہ مطالبات رکھیں گے، صدر کے سی سی آئی، صدر ایف سی سی آئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف سی سی آئی) نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی میں امتحانی مراکز کی تبدیلی پر اہم پیش رفت

صوبائی وزیر کی ہدایت پر سیکریٹری جامعات نے اعلیٰ سطح کی فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی قائم کر دی

اگر کوئی بھی فرد قصور وار پایا گیا تو اس کیخلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائیگی' محمد اسماعیل راہو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



جرمن وفد کا گڑھی خیرو سمیت ضلع جیکب آباد کے دیہی علاقوں میں قائم تعلیمی اداروں کا دورہ' کمپنیوں کیخلاف احتجاج

جرمن وفد کا جیکب آباد کے دیہی علاقوں میں قائم تعلیمی اداروں کا دورہ

علاقہ مکینوں کا آلودگی پھیلانے والے جرمن کمپنیوں کے خلاف احتجاج کیا گیا

ماحولیاتی آلودگی میں دنیا کی تقریباً 100 بڑی کمپنیاں ذمہ دار قرار دیدی گئیں' مظاہرین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



مرکزی مسلم لیگ کراچی کی جانب سے لگائے گئے سستے سبزی بازار سے شہری سستے داموں سبزیاں خرید رہے ہیں

دنیا پاکستانی سفارت کاری کی معترف ہو گئی' ڈاکٹر عشرت العباد

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار نے شاندار میزبانی کر کے ایران امریکہ کشیدگی کو برف پگھلانے کا کام کیا

ہمیں قوی امید ہے کہ بیچ کا راستہ نکلے گا' فیلڈ مارشل کا کردار دنیا میں ابھرا ہے' 21 سے 24 گھنٹے ہونیوالے مذاکرات اب دوسرے دور میں نتیجہ خیز ہو سکتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



چیئرمین جناح ٹاؤن رضوان عبدالسمیع ٹیچر ٹریننگ پروگرام کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے ہیں

تمام ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے' الطاف شکور

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ وہ کراچی کی ابتر صورتحال کا فوری نوٹس لیں

کراچی کی ترقیاتی رفتار تاخیر، لاگت میں اضافے اور ناقص معیار کی نذر ہو گئی ہے' تھرڈ پارٹی آڈٹ کو لازمی قرار دیا جائے، چیئرمین پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

جناح ٹاؤن میں اساتذہ کی تربیت کا اہم اقدام، اختتامی تقریب میں اسناد کی تقسیم

چیئرمین رضوان عبدالسمیع کی شرکت، پڑھا لکھا پاکستان وژن کے تحت تعلیمی بہتری کے عزم کا اعادہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

کم عمری کی شادی کیخلاف کراچی پریس کلب پر احتجاج

عدالتی فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ

ہوپ اینڈ جسٹس کونسل پاکستان کے زیر اہتمام کراچی پریس کلب کے باہر ایک پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا' مظاہرے کی قیادت چیئرمین منور جان نے کی

مظاہرین نے سپریم کورٹ میں قائم وفاقی آئینی عدالت کے دو رکنی بینچ کی جانب سے کمسن مسیحی بچی ماریہ شہباز کے کیس میں دیے گئے فیصلے کی مذمت کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

معروف مصور وہاب جعفر کے آرٹ ورک پر مبنی سولو نمائش کا افتتاح

وہاب جعفر نہ صرف اعلیٰ درجے کے مصور ہیں بلکہ پاکستانی آرٹ کے لیے ان کا بہت بڑا کردار ہے، محمد احمد شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

فکر کراچی نشست اچھی کاوش ہے' نہال احمد صدیقی

لیکن ارباب اختیار کو کراچی کی داد رسی کے لئے آگے آنا ہوگا۔ بلدیاتی اداروں نے تین سال میں صرف لوٹ مار کی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

میرواہ گورچانی کی واٹر سپلائی اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیاں

200 کے وی اے ٹرانسفارمر بغیر کسی سرکاری اجازت اور قواعد و ضوابط کیخلاف غیر قانونی طور پر نصب کیا گیا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان ادارہ نور حق میں نائب امیر کراچی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ اور ٹاؤن چیئرمین کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ورسٹائل ایکٹریس و ماڈل سعدیہ خان ایوارڈ شو میں خصوصی پرفارمنس پیش کریں گی

ہر جگہ لابی سسٹم ہونے کی وجہ سے باصلاحیت فنکاروں کو بھی نظر انداز کر دیا جاتا ہے

اپنی ترجیحات کے مطابق تھیٹر اور ٹی وی ڈراموں میں کام کرنا پسند ہے، سعدیہ خان



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

صدر ٹاؤن' شوکت خانم ڈسپنسری کی تعمیر کے کام کا آغاز

ڈسپنسری کی تعمیر کے کام کا چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے ربن کاٹ کر باقاعدہ آغاز کر دیا

CLICK کے تعاون سے پرانی ڈسپنسری کو مسمار کر کے جدید طرز پر نئی ڈسپنسری تعمیر کی جا رہی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کراچی سے لاہور کی نجی ایئر لائن کی پرواز تاخیر کا شکار، مسافر پریشان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

خدمتِ خلق سے دلی سکون حاصل ہوتا ہے' عارف لاکھانی

یومیہ ایک لیٹر مفت پیٹرول کی فراہمی، مختلف پمپس پر رائیڈرز کی بڑی تعداد مستفید ہوئی

بائیک رائیڈرز کے لیے یومیہ ایک لیٹر مفت پیٹرول، معاشی دباؤ کم کرنے کی کوشش ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

مختار آرگنائزیشن کی جانب سے کراچی پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

کراچی کے نوجوانوں میں ویپنگ کا بڑھتا رجحان، دل کے امراض میں خطرناک اضافہ

ماضی میں دل کے امراض زیادہ تر عمر رسیدہ افراد تک محدود تھے، مگر اب 20 سال کے نوجوان شکار ہیں، ماہرین صحت



سردار ایجوکیشن ٹرسٹ سیکنڈری اسکول میں تعلیمی سال 2025-26 کے سالانہ نتائج کے اعلان کے موقع پر سماجی شخصیت شاہنواز میاں خالد، پرنسپل، والدین اور بچوں کا گروپ فوٹو



چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ یوسی 10 ہجرت کالونی میں شوکت خانم ڈسپنسری کے کام کا آغاز ربن کاٹ کر دعا کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

تبدیلی نہیں ہوگی حالانکہ مختلف نوعیت کے اسکرپٹ میں مختلف کرداروں میں مختلف فنکاروں کو مواقع فراہم ہونے چاہئیں مگر اقربا پروری سسٹم ہونے کی وجہ سے باصلاحیت فنکاروں کو بھی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

علاج کی سہولت میسر آئے گی۔ ہم صدر ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاکہ شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد نہ صرف طبی سہولیات میں بہتری آئے گی بلکہ علاقے کے عوام کو فوری اور معیاری علاج کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ چیئرمین منصور احمد شیخ نے کہا کہ صدر ٹاؤن انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بھرپور توجہ دے رہی ہے اور اس سلسلے میں مزید اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر علاقہ معززین نے چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے اس اقدام کو سراہا۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

مقدمہ امجد علی شیخ (ڈسکس حیسکو آپریشن ڈویژن میرپور خاص) کی درخواست پر درج کیا گیا جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ واٹر سپلائی پمپ مشینوں پر نصب 200 کے وی اے ٹرانسفارمر اور متعلقہ کنڈکٹر مشکوک حالت میں پائے گئے۔ ایف آئی اے کے مطابق معمول کی جانچ پڑتال کے دوران موقع پر وہ کنڈکٹر کے ساتھ ایک 200 کے وی اے ٹرانسفارمر نصب پایا گیا جس پر نہ کوئی رجسٹریشن نمبر، سیریل نمبر اور نہ ہی کمپنی کا نام درج تھا جبکہ قریب ہی ایک 50 کے وی اے ٹرانسفارمر بغیر استعمال کے پڑا ہوا تھا۔ انکوائری کے دوران یہ انکشاف ہوا کہ 21 جولائی 2025 کو مذکورہ 200 کے وی اے ٹرانسفارمر بغیر کسی سرکاری اجازت اور قواعد و ضوابط کے خلاف غیر قانونی طور پر نصب کیا گیا، جبکہ پہلے سے نصب دو عدد 50 کے وی اے ٹرانسفارمرز کو غیر مجاز طریقے سے ہٹا دیا گیا۔ ایک ٹرانسفارمر موقع پر لاوارث چھوڑ دیا گیا جبکہ دوسرا نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ ایف آئی اے ٹیم نے حیسکو حکام کے ہمراہ موقع کا معائنہ کیا، جہاں ٹرانسفارمر کو کھلا، تبدیل شدہ اور کسی نجی ورکشاپ میں دوبارہ تیار شدہ پایا گیا۔ جس سے چھیڑ چھاڑ کی تصدیق ہوئی۔ مزید تحقیقات میں یہ بھی سامنے آیا کہ حیسکو کے متعلقہ ریکارڈ میں نہ تو 200 کے وی اے ٹرانسفارمر کے اجرا کا کوئی اندراج موجود ہے اور نہ ہی 50 کے وی اے ٹرانسفارمر کی واپسی کی کوئی تفصیل درج ہے۔ بیانات کے مطابق اس غیر قانونی عمل میں حیسکو کے اہلکار ایل ایس بعد ازاں، ایل ایس غلام مرتضیٰ، واٹر سپلائی اسکیم کے انچارج تسلیم راجپوت اور ایک نجی شخص عامر قاکانی ملوث پائے گئے۔ جبکہ ایس ڈی او عبدالخالق میرانی پر الزام ہے کہ انہوں نے نہ تو اصل ٹرانسفارمر ہٹایا اور نہ ہی اعلیٰ حکام کو بروقت آگاہ کیا۔ ایف آئی اے نے مذکورہ افراد کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 409، 419، 420 اور انسداد بدعنوانی ایکٹ 1947 کی دفعہ 5(2) کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق مقدمے میں قومی خزانے کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان اور دیگر ذمہ داران کے تعین کے لیے تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس مقدمے میں نان ٹیکنیکل میرواہ گورچانی کے معمولی ملازم تسلیم راجپوت کو شامل کر کے ان کو مبینہ طور پر قربانی کا بکرا بنایا گیا ہے کیوں کہ اختیارات چیئرمین اور نان آفیسر کے پاس ہیں۔ میرواہ گورچانی کے شہریوں نے اس معاملے میں تسلیم راجپوت کا نام شامل کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

نکل سکتا۔ کراچی کے اسٹیک ہولڈرز نے کراچی کے لئے سوچا اچھی بات ہے لیکن کراچی کو سیاست اور دعووں کے بجائے عملی جدوجہد کی ضرورت ہے جو احتجاج سے نہیں بلکہ حکمرانوں سے اگلی ذمہ داریاں پوری کرانے سے ہوں گی۔ اراکین اسمبلی اور بلدیاتی نمائندوں کو درخواستیں دیں اور عمل نہ ہو تو پبلک کریں۔ تصادم کی سیاست سے گریز کریں۔ فنڈز کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کا مطالبہ اولین ہونا چاہئے۔ انجمن اتحاد ملت کے عبدالحفیظ انصاری، کراچی بچاؤ تحریک کے نسیم شاہ، کے سجاد تنولی، ڈیفنس کرانم فاروق یونس KRO کے ابرار احمد صدیقی کے علاوہ دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ آخر میں ایم پی پی کے کارکن اور پی پی پی کے سابق رہنما عادل خان کے انتقال پر انکے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

رضوان عبدالسمیع بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ کی مسلسل پیشہ ورانہ ترقی انتہائی اہمیت کی حامل ہے، اور جماعت اسلامی کے وژن ”پڑھا لکھا پاکستان“ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں، بچوں کی نفسیات اور تعلیمی بہتری کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کروانا ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے سرکاری اسکولوں کے معیار کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ تقریب میں سی ای آر ڈی کے سی ای او زاہد سعید نے بھی شرکت کی اور ادارے کی جانب سے تعلیمی میدان میں جاری کاوشوں پر روشنی ڈالتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ اساتذہ کی استعداد کار میں مزید بہتری کے لیے ایسے تربیتی پروگرامز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر محکمہ ایجوکیشن کمیٹی کے چیئرمین سید حسن رضا اور جماعت اسلامی کے ضلعی امیر عبدالعزیز سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ اساتذہ کی مسلسل تربیت کے ذریعے نہ صرف تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے بلکہ نئی نسل کو بہتر مستقبل کی راہ پر گامزن کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ اسرائیل کی مسلسل لبنان پر شورش ملے عالمی امن اور مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کر رہے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ دنیا کے لئے اسرائیل دہشت گرد اور عالمی قوانین سے مبرا ہو چکا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ امن کی ہماری عملی کوشش سے ثابت ہو چکا ہے اب اقوام عالم کے کردار ادا کرنے کی باری ہے۔ ہم پاکستان کو دنیا بھر میں ستائش کی نظر سے دیکھنے کو قابل تعریف اور قابل فخر سمجھتے ہیں اور معاہدے کو حتمی شکل میں دیکھنے کے خواہاں ہیں۔ پاکستان کے قیام کا مقصد ہی اسلامی دنیا کے لئے مشعل راہ ہے اور پاکستان ترقی کی تمام منازل طے کرے گا۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

قلت اور زرعی نقصان نے مقامی آبادگاروں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں کام کرنے والی Medico International اور Hands نے موسمیاتی نقصانات پر دو جرمن کمپنیوں کے خلاف جرمنی کی عدالت میں مقدمہ بھی دائر کر رکھا ہے اور مقدمے میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ متاثرہ آبادگاروں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے ہونے والے نقصانات کا معاوضہ دیا جائے۔ اس موقع پر میڈیکو انٹرنیشنل کمپنی جرمن کے نمائندہ مس کیرین کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی صرف پاکستان نہیں بلکہ پوری دنیا کا مشترکہ مسئلہ ہے اور اب بڑی عالمی کمپنیوں کو ماحولیات کو نقصان پہنچانے پر جوابدہ بنانا وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرمن وفد نے دیہی علاقوں گاؤں عبدالرحمان کھوسہ اور مولا بخش کھوسہ میں دورے کے دوران زمینی صورتحال کا جائزہ بھی لیا ہے جبکہ وفد نے DLNF کے تحت چلنے والے غیر رسمی تعلیمی مراکز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا اور مزید کہا کہ دیہی علاقوں میں قائم تعلیمی مراکز مزدوروں اور کسانوں کے بچوں کیلئے امید کی کرن اور بہتر مستقبل کی بنیاد فراہم کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

چیمبرز کے درمیان باہمی تعاون کو مستحکم بنانے اور اہم اقتصادی چیلنجز پر مشترکہ طور پر آواز بلند کرنے کے لیے اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ کے سی سی آئی اور ایف سی سی آئی باقاعدہ اور منظم انداز میں رابطے برقرار رکھیں گے تاکہ تاجر برادری کو درپیش مسائل کو مؤثر طریقے سے اجاگر کیا جا سکے اور ان کا حل نکالا جا سکے۔ کراچی چیمبر میں ہفتہ کو منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطح اجلاس میں ایف سی سی آئی کے صدر فاروق یوسف شیخ کی سربراہی میں سینئر نائب صدر نوید اکرم شیخ اور نائب صدر انجینئر آصم منیر پر مشتمل وفد نے کے سی سی آئی کے عہدیداران سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ کے سی سی آئی کی جانب سے صدر محمد ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا، نائب صدر عارف لاکھانی اور ایگزیکٹیو کمیٹی کے اراکین نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں دونوں جانب سے اس امر پر زور دیا گیا کہ موجودہ معاشی ماحول میں چیمبرز کے درمیان قریبی ہم آہنگی، باقاعدہ تبادلہ خیال اور مسلسل مشاورت وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ تاجر برادری کے خدشات کو ایک آواز بن کر اور پوری قوت کے ساتھ اٹھایا جا سکے۔ اجلاس میں باہمی اتفاق سے یہ طے پایا کہ آپس کے تعلق کو محض تقریبات تک محدود رکھنے کے بجائے مسلسل ملاقاتوں، دوروں اور منظم مشاورت کے ذریعے فعال رکھا جائے گا جس سے نہ صرف مسائل کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی بلکہ مشترکہ سفارشات تیار کرنا اور پالیسی سازوں سے مربوط انداز میں رابطہ کرنا بھی آسان ہوگا۔ دونوں چیمبرز کی قیادت نے اس بات پر اتفاق کیا کہ باقاعدہ ملاقاتیں اور جامع تعلقات کو مستحکم بنائیں گی اور تاجر برادری کی آواز کو تمام متعلقہ فورمز پر مسلسل اور مؤثر انداز میں اٹھانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

سجاد، راحت زیب خان نے پیش کیں بعد ازاں محمد سومار گابا کی پیش کردہ قرارداد اراکین کونسل کو پانچ ہزار روپے فی اجلاس ادائیگی کی مد میں فراہم کرنے اور لوکل ٹیکسز کی ریکوری کو بہتر کرنے کے حوالے سے لیگل معاملات دیکھنے کیلئے ارشاد خان خلیلی کو غیر معینہ مدت کیلئے کنٹریکٹ پر فرائض سرانجام دینے کی قرار دادیں بھی متفقہ طور پر منظور کی گئیں۔ رکن کونسل محمد صادق کی پیش کردہ ایران پر صیہونی طاقتوں کے حملے اور شہادتوں پر مذمتی قرارداد منظور کرلی گئی۔ جبکہ ازاں پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے جنگ بندی کے لئے کئے جانے والے کردار کو زبردست الفاظ میں سراہا گیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین عبدالحق بلوچ اراکین کونسل سائرہ سجاد، امروز امام، ارشد سکندر، زہرش خانزادی، شمیم صدیقی و دیگر نے بھی قراردادوں پر اظہار خیال کیا۔ اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین منصور احسان راشد خٹک نے کہا کہ مختلف جگہوں کو نام دینے کی قراردادیں کونسل کی منظوری کے بعد متعلقہ اداروں کو بھیجی جائیں گی اگر تمام میں کو بکر انہیں ہوا تو کونسل کی منظور شدہ نام کے مطابق انہیں نام دے دیا جائے گا۔ انہوں نے اراکین کونسل کو بجٹ، اور ڈیلی اور لوکل ٹیکسز کے حوالے سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ رکن کونسل سومار گابا اور امروز امام کی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کو ٹاؤن کے ماتحت کرنے کی تجویز اچھی ہے لیکن قانونی طور پر یہ اختیار ٹاؤن کو حاصل نہیں ہے لہٰذا اس قسم کی قرار داد کونسل میں پیش نہیں کی جا سکتی انہوں نے اراکین کونسل کو یقین دہانی کروائی کہ اراکین کونسل کے ساتھ ملکر ٹاؤن کو بہتر سے بہترین بنا کر دم لیں گے اور اجلاس کا انعقاد تواتر سے ہوگا تاکہ اراکین کونسل کی رائے سے ٹاؤن کیلئے بہتر اقدامات کر سکیں۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

• کراچی رنگ • چینل کے روح رواں شعیب احمد مجددی کے ساتھ پیش آنے والے ناخوشگوار واقعے پر صحافی برادری سمیت مختلف حلقوں کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق شعیب الہٰی مجددی، کمپیئر نعیم طاہر سے اجازت لینے کے بعد ایک معروف شاعر کی غزل پیش کر رہے تھے کہ اسی دوران نعیم طاہر نے ان کے ہاتھ سے مائیک چھین لیا، جس کے باعث انہیں اسٹیج سے واپس جانا پڑا۔ شرکا نے اس عمل کو غیر مہذب، افسوسناک اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس قسم کا رویہ نہ صرف ایک سینئر صحافی کی توہین ہے بلکہ معاشرتی اقدار اور تہذیبی روایات کے بھی منافی ہے۔ بالخصوص تقریب میں شریک صحافی برادری کا کہنا تھا کہ اسٹیج سیکرٹری کی حیثیت سے نعیم طاہر کا طرز عمل متعدد شرکا کے ساتھ بھی غیر مناسب رہا، جس سے محفل کا ماحول متاثر ہوا۔ اس حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے مختلف افراد نے کہا کہ کراچی کے مسائل پر گفتگو کے لئے منعقدہ ایسی نشستوں میں برداشت، احترام اور مکالمے کا کلچر فروغ دینا ضروری ہے۔ کسی کی آواز دبانا یا اس کی تذلیل کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ شرکا نے واضح کیا کہ پروگرام کے منتظمین اپنی جگہ قابل احترام ہیں، تاہم کسی ایک فرد کے رویے کے باعث معزز مہمانوں اور شرکا کی دل آزاری افسوسناک ہے۔ تاجر برادری کے نمائندگان نے کہا کہ صحافی برادری ان کے لئے قابل احترام ہے اور وہ اس معاملے میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ جب تک متعلقہ فرد کی جانب سے مناسب وضاحت اور معذرت سامنے نہیں آتی، ایسے پروگرامز میں شرکت اور تعاون سے گریز کیا جائے گا۔ شرکا نے امید ظاہر کی کہ آئندہ معاملات باہمی احترام، برداشت اور مثبت طرز عمل کے ساتھ آگے بڑھائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

کہ یہ بات ساری دنیا جانتی ہے کہ اشرف طائی پاکستان میں مارشل آرٹ کے کھیل کے بانی ہیں۔ جب ملک کے عوام جوڈو، کراٹے سے ناآشنا تھے، اشرف طائی نے اس فن کو نوجوانوں میں متعارف کرایا۔ انہوں نے پاکستان کراٹے فیڈریشن کے نام سے تنظیم بنا کر اسے عالمی اولمپکس کمیٹی اور پاکستان اسپورٹس بورڈ سے رجسٹرڈ کرایا۔ انہوں نے کہا کہ کراٹے کے کھیل میں اشرف طائی کی خدمات 55 سالوں پر محیط ہیں۔ ان کی اکیڈمی سے 26 ہزار نوجوانوں نے منظم مارشل آرٹ کی تربیت لے کر بلیک بیلٹ تک رسائی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے لیجنڈ کھلاڑی اشرف طائی کو یہ منفرد اعزاز حاصل ہے کہ وہ 9 مرتبہ ورلڈ چیمپئن، دو مرتبہ ورلڈ ایشین چیمپئن شپ کے فاتح اور 40 مرتبہ مکسڈ مارشل آرٹ مقابلے جیتنے والے قومی ہیرو ہیں۔ انہیں 10 ڈان گرانڈ ماسٹر کا خطاب کسی ملکی نہیں بلکہ یو ایس اے میں عالمی کراٹے ایسوسی ایشن کی طرف سے دیا گیا تھا۔ ملک و قوم کے لئے ان کی انہی خدمات پر صدر مملکت نے انہیں دو مرتبہ ملک کے اعلیٰ ترین صدارتی ایوارڈ، پرائیڈ آف پرفارمنس سے نوازا تھا۔ لیکن ان تمام خدمات اور لازوال کارکردگی کے باوجود وفاقی حکومت اور کھیلوں کی وزارت کی طرف سے ترجیحی سلوک کیا جا رہا ہے۔ اشرف طائی جیسے عظیم کھلاڑی کو دو مرتبہ دل کا عارضہ لاحق ہوا، انہیں قومی ادارہ برائے امراض قلب لے جایا گیا جہاں کئی گھنٹے تک انہیں کسی قسم کی طبی امداد نہیں دی گئی۔ ان کے چند شاگردوں نے اطلاع ملنے پر ریذیڈنٹ ڈائریکٹر سے رابطہ کیا جب انہیں آئی سی یو میں منتقل کر کے علاج شروع ہوا۔ لیکن ان کے علاج کے لئے ان کی اپنی کی طرف سے ذرائع ابلاغ کے توسط سے مالی امداد کی اپیلیں کی گئیں لیکن حکومت سمیت کسی بھی ملکی ادارے نے دست تعاون دراز نہیں کیا جب کہ معمولی کارنامے انجام دینے والے کھلاڑیوں کو کروڑوں روپے نقد، رہائشی پلاٹس اور اسپورٹس اسٹیڈیمز جدید کر دیئے جاتے ہیں، لیاری اور کورنگی نمبر پانچ کے اسٹیڈیم اس کی بین مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اتحاد عباسیہ ملک و ملت کے محسن کھلاڑی اور اس کے اہل خانہ کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ ان کے ساتھ مزید ظلم و زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کے ایم سی گراؤنڈ کی وسیع و عریض اراضی پر اگر میٹروپولس کارپوریشن ہتھیائی جا رہی ہے تو اس میں سے دو سو مربع گز کے پلاٹ کو لیز لائز کرانے اکیڈمی اور اشرف طائی کے نام سے کی جائے۔ انجمن اتحاد عباسیہ کے مرکزی سیکریٹری جنرل اور بابر فاؤنڈیشن کے سربراہ سردار بابر عباسی نے کہا کہ ملک کے عظیم کھلاڑی کے ساتھ ظلم و جبر کا سلسلہ ترک کیا جائے۔ بلوچستان سے لے کر کراچی، جنوبی پنجاب، کشمیر، کے پی کے اور گلگت بلتستان کے لاکھوں عباسی اشرف طائی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس موقع پر اشرف طائی کے ساتھ بیگم ثمینہ شاہ ظفر، صحافی رفیع عباسی اور سید عباس طائی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

بیوپاری عبدالحمید 35 جانور، غضنفر بخش 44 اور فدا حسین 80 جانوروں کے ساتھ منڈی میں موجود ہیں، بیوپاریوں نے کہا انتظامیہ کی جانب سے سہولیات حوصلہ افزا ہیں، جیکب آباد سے آنے والے بیوپاری فدا نے کہا ”الحمدللہ 80 جانور لایا ہوں، انتظامیہ نے بھی جگہ فراہم کر دی ہے، ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی نے مزید کہا اس سال عوام دوست منڈی آنے والے قربانی کے جانوروں کی تعداد میں ریکارڈ اضافے کی توقع ہے عوام دوست منڈی کی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ اس بار بیوپاریوں اور خریداروں دونوں کے لیے سیکیورٹی اور دیگر سہولیات کا خاص خیال رکھا جا رہا ہے تاکہ شہری قربانی کا فریضہ احسن طریقے سے مویشی منڈی میں ملنے والی ہر کے ساتھ انجام دے سکیں ساتھ انتظامیہ کی جانب سے ہدایت کی گئی ہے کوئی شہری کسی بھی بیوپاری کو مویشی منڈی سے باہر پیسوں کی ادائیگی نہ کریں عوام دوست منڈی میں بینک کی سہولت موجود ہے اس سے استفادہ کریں۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

راشد محمود اعوان، خلیل عباسی، وسیم ترک، سجاد خان سواتی سمیت کئی سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنماؤں اور ہزارہ کمیونٹی کی شخصیات نے شرکت کی۔ کانفرنس میں ہزارہ وال قوم کو درپیش مسائل، اتحاد اور مستقبل پر بحث کی گئی۔ کانفرنس کے شرکا نے 12 اپریل 2010 کو ہزارہ صوبہ کی تحریک میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ خان محمد تنولی اور دیگر نے کہا کہ ہزارہ وال قوم محب وطن لوگ ہیں۔ ہزارہ ایک بڑی قوم ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ صوبہ ہزارہ فوری قائم کیا جائے۔ ہزارہ صوبہ کے قیام کے لیے سیاسی قانونی سمیت ہر فورم پر اپنی آواز بلند کریں گے۔ ہمارا نعرہ ہے بن کر رہے گا صوبہ ہزارہ۔ ہم اپنے شہدا کا مشن پر امن طریقے سے جاری رکھیں گے۔ کانفرنس میں ہزارہ صوبہ کے قیام کے لیے قرارداد منظور کی گئی۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ کراچی سمیت صوبہ بھر میں ہزارہ قوم کے مسائل حل کیے جائیں اور ہماری آبادیوں میں بنیادی سہولیات دی جائیں۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

گیا۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ شمال مشرق سمت سے 4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا چل رہی ہے، آئندہ 24 گھنٹے تک بارش کا کوئی امکان نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

شہید جبکہ ہزاروں زخمی اور بے گھر ہو چکے ہیں۔ غزہ عملاً ایک کھلے قید خانے میں تبدیل ہو چکا ہے جہاں نہ خوراک کی مناسب فراہمی ہے، نہ ادویات دستیاب ہیں اور نہ ہی بنیادی انسانی ضروریات پوری ہو رہی ہیں۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے رہائشی علاقوں، ہسپتالوں، اسکولوں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا جنگی جرائم کے زمرے میں آتا ہے۔ معصوم بچوں، خواتین اور بزرگوں کو بے دردی سے قتل کرنا کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عالمی طاقتیں اور انسانی حقوق کے علمبردار ادارے اس سنگین صورتحال پر مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں، جو ان کے دوہرے معیار کو بے نقاب کرتی ہے۔ بلال عباس قادری نے اپنے بیان میں کہا کہ بیت المقدس میں صورتحال مزید سنگین ہوتی جا رہی ہے جہاں نہ صرف مسلمانوں بلکہ عیسائیوں اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اسرائیلی مظالم کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبادت گاہوں کی بے حرمتی، نمازیوں اور عبادت گزاروں پر حملے اور مقدس مقامات کی توہین دراصل ایک منظم سازش کا حصہ ہے جس کا مقصد خطے میں مذہبی ہم آہنگی کو تباہ کرنا ہے۔ بلال سلیم قادری نے کہا کہ اسرائیل خوف اور دہشت کی فضا قائم کر کے مسلم دنیا کو دبانا چاہتا ہے اور خطے میں اپنی بالادستی قائم کرنے کے ناپاک عزائم رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ اسرائیل کسی امن عمل کا حصہ بننے میں سنجیدہ نہیں بلکہ وہ طاقت کے ذریعے اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اقوام متحدہ، او آئی سی اور دیگر عالمی ادارے قاتل قطبیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر عملی اقدامات کریں۔ محض مذمتی بیانات سے مسئلہ حل نہیں ہوگا بلکہ اسرائیل پر سفارتی، اقتصادی اور سیاسی دباؤ بڑھانا ہوگا تاکہ وہ اپنی جارحیت سے باز آئے اور جنگ بندی معاہدے کی مکمل پاسداری کرے۔ فلسطین کا مسئلہ صرف ایک خطے یا قوم کا نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کا مسئلہ ہے، جس پر خاموشی مجرمانہ غفلت کے مترادف ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کی ہے اور آئندہ بھی ہر عالمی فورم پر ان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ پاکستان عالمی برادری کو متحرک کرنے کے لیے اپنی کوششیں تیز کرے۔ رہنماؤں نے عالمی میڈیا سے بھی اپیل کی کہ وہ حقائق کو دنیا کے سامنے لائیں اور مظلوم فلسطینیوں کی آواز بنیں۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

ہوں گے، جبکہ چیئرمین ٹیکنیکل بورڈ اور ایڈیشنل سیکریٹری (بورڈز) بطور ممبران شامل کیے گئے ہیں۔ تحقیقاتی کمیٹی اس بات کا تفصیلی جائزہ لے گی کہ امتحانات سے قبل یا دوران امتحان مراکز کن وجوہات کی بنیاد پر تبدیل کیے گئے۔ ساتھ ہی یہ بھی دیکھا جائے گا کہ آیا اس عمل میں مالی مفاد، اقربا پروری یا غیر قانونی اثر و رسوخ شامل تھا یا نہیں۔ مزید برآں، کمیٹی امتحانی مراکز کی الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں، مالی بے ضابطگی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات کی بھی چھان بین کرے گی۔ صوبائی وزیر محمد اسماعیل راہو نے واضح کیا ہے کہ کمیٹی ملوث افسران اور ملازمین کی نشاندہی کرے گی، اور اگر کوئی بھی فرد قصوروار پایا گیا تو اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

مضبوط و استوار کیا جا سکتا ہے۔ صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ جدید خلائی معلومات کے بغیر لائیو اسٹاک سیکٹر میں خود کفالت کا حصول مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیٹلائٹ ٹیکنالوجی ماہی گیروں کو سمندری طوفانوں اور خراب موسمی حالات سے بروقت آگاہ کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، جس سے انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ محمد علی ملکانی نے کہا کہ حکومت لائیو اسٹاک سیکٹر کو ڈیجیٹلائز کرنے اور اسے خلائی ڈیٹا سے منسلک کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خلائی تحقیق سے حاصل ہونے والی معلومات کو بروئے کار لا کر فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلیو اکانومی کے فروغ کے لیے سیٹلائٹ امیجنگ کا استعمال ناگزیر ہو چکا ہے اور یہ معیشت کے استحکام میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ آخر میں انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ٹیکنالوجی اور خلائی سائنس کا امتزاج ہی لائیو اسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں پائیدار ترقی کی ضمانت ہے۔

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

پروڈٹوں کینال کو حب ڈیم سے جوڑ دیا گیا ہے، جس سے پانی کی ترسیل کا نظام مزید مستحکم اور قابل اعتماد ہوگا۔ ترجمان نے بتایا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے بالخصوص ضلع غربی اور کیماڑی کے علاقوں میں پانی کی فراہمی میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔ اس اقدام کے نتیجے میں نہ صرف پانی کی دستیابی میں اضافہ ہوگا بلکہ ترسیل کے دوران درپیش تکنیکی مسائل میں بھی کمی آئے گی۔ واٹر کارپوریشن نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ شہریوں کو بہتر، مستقل اور بلاتعطل پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اصلاحاتی اور ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

کو لازمی قرار دیا جائے۔ تاخیر یا ناقص کام کے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ مزید برآں منصوبوں کی پیش رفت اور اخراجات کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں تاکہ احتساب ممکن ہو سکے۔ آخر میں انہوں نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ وہ کراچی کی ابتر صورتحال کا فوری نوٹس لیں۔ پاسبان عہدیداران کی میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے پی ڈی پی کے چیئرمین الطاف شکور نے مزید کہا کہ کراچی میں مسئلہ وژن یا فنڈز کا نہیں بلکہ عملدرآمد کا ہے۔ جب تک نظام میں اصلاحات نہیں کی جائیں، ہر نیا منصوبہ پچھلی ناکامیوں کو دہرائے گا۔ دنیا میں کامیاب مثالیں موجود ہیں، جیسے دہلی میٹرو، استنبول اور دبئی کے ترقیاتی ماڈلز، جہاں مضبوط گورننس، شفافیت اور پیشہ ورانہ انتظام کے ذریعے بڑے منصوبے بروقت مکمل کیے جاتے ہیں۔ فرق وسائل کا نہیں، نظم و نسق کا ہے۔ کراچی سرکلر ریلوے کا منصوبہ بھی مسلسل اعلانات کے باوجود تاحال مکمل نہیں ہو سکا، جو ادارہ جاتی کمزوری اور عدم ہم آہنگی کی واضح مثال ہے۔ اسی طرح کے فور واٹر سپلائی پروجیکٹ بھی تاخیر اور بڑھتی لاگت کا شکار ہے، جس کے باعث شہری آج بھی پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ کراچی سیف سٹی پراجیکٹ بھی اپنی افادیت کھو چکا ہے اور شہریوں کو وہ تحفظ فراہم نہیں کر سکا جس کا وعدہ کیا گیا تھا۔ یہ تمام مسائل بدانتظامی، ناقص گورننس، اقربا پروری اور کمزور نگرانی کے نظام کا نتیجہ ہیں۔ مختلف اداروں کے درمیان ہم آہنگی کا فقدان ہے جبکہ ذمہ داروں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی جاتی۔ مختلف ادارے آپس میں ہم آہنگی کے بغیر کام کرتے ہیں، ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈالی جاتی ہے، اور ٹھیکیداروں کو ناقص کارکردگی پر کوئی سزا نہیں ملتی۔

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

پر معروف مصور وہاب جعفر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سولو نمائش میں 45 نایاب فن پارے پیش کیے گئے، جو شائقین فن کی توجہ کا مرکز بنے۔ نمائش کے کیوریٹر معروف مصور فرخ شہاب تھے، جبکہ مصور شاہد رسام، تنویر فاروقی، سہیل احمد کے علاوہ آرٹسٹوں اور فنون لطیفہ سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے بھی نمائش میں شرکت کی۔ مہمان خصوصی صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے کہا کہ وہاب جعفر کے پاس پاکستانی آرٹ کا ایک وسیع کلیکشن موجود ہے، انہوں نے احمد پرویز کے فن پاروں کا ایک بڑا حصہ بھی ایم آرٹ گیلری کو بھی دیا ہے۔ ان کی نمائش کا افتتاح کرنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی صحبتیں بڑے لوگوں کے ساتھ رہیں۔ علی امام اور احمد پرویز کے ساتھ بھی بہت وقت گزارا۔ اسی لیے ان کے کام میں کہیں نہ کہیں احمد پرویز کا اثر بھی نظر آتا ہے، جو ایک فطری بات ہے۔ وہاب جعفر صرف ایک اعلیٰ درجے کے مصور نہیں بلکہ ایک شاندار انسان بھی ہیں۔ بنیادی طور پر ان کا تعلق پاکستان کے ایک بڑے کاروباری گروپ سے رہا مگر انہوں نے اپنی زندگی کو مکمل طور پر فن مصوری کے لئے وقف کر دیا۔ طبیعت ناساز ہونے کے باوجود بھی وہاب جعفر نے پاکستانی آرٹ کے لیے بہت بڑا کردار ادا کیا ہے اور قابل قدر خدمات انجام دیں۔ آج جو نمائش گیلری میں لگی ہے، وہ آسانی سے ممکن نہیں تھی، کیونکہ وہ کافی عرصے سے علیل ہیں۔ چند روز قبل ان کی اہلیہ کا بھی انتقال ہو گیا۔ یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ یہاں جو فن پارے نمائش میں موجود ہیں، ان میں سے زیادہ تر پچھلے ایک ڈیڑھ سال کے دوران بنائے گئے ہیں یعنی بیماری کی حالت میں بھی وہ مسلسل پینٹنگ کرتے رہے۔ انہوں نے رنگوں کا نہایت خوبصورتی سے استعمال کیا ہے۔ یہ نمائش باضابطہ آغاز سے قبل ہی بڑی حد تک فروخت ہو چکی ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ان کے فن کی قدر کی جاتی ہے۔ اس سارے عمل میں وہاب جعفر کا پاکستانی آرٹ کے لیے بہت بڑا کردار ہے۔ کیوریٹر فرخ شہاب نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وہاب جعفر نے کبھی کسی کو یہ محسوس نہیں ہونے دیا کہ وہ کتنے بڑے آرٹسٹ ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ ہر کام کرنے والے آرٹسٹ کی حوصلہ افزائی کی اور ہر نئے آنے والے آرٹسٹ کو قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگوں کے لیے حوصلہ افزا مثال ہے کہ وہاب جعفر عمر کے اس حصے میں بھی زبردست کام پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

نادرا کی جانب سے فراہم کردہ عمر سے متعلق دستاویزات کو نظر انداز کرتے ہوئے بچی کے بیان کو بنیاد بنایا، حالانکہ ان کے بقول یہ بیان ممکنہ طور پر دباؤ یا دھمکی کے زیر اثر بھی ہو سکتا تھا کیونکہ بچی اغوا کار کے قبضے میں تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس فیصلے کے بعد ملک بھر میں بچیوں اور ان کے والدین میں تشویش اور غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ احتجاج کے شرکا نے اس فیصلے کو غیر قانونی اور جعلسازانہ قرار دیتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نظر ثانی کا مطالبہ کیا اور کم عمری کی شادی کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات پر زور دیا۔ مظاہرے سے خطاب کرنے والوں میں پاسٹر آشر مثلاً، پاسٹر دانش بیٹر، پاسٹر روہان راز، فادر شہزاد رشید، پاسٹر سلیمان منظور، ڈاکٹر سلطان سردار، پاسٹر غزالہ شفیق، زاہد فاروق، مشتاق مٹو، ایڈووکیٹ شاہد سعید بھٹی، طارق سوہیل، توکیل اعجاز، میڈم صالحہ خان، جمشید حسین، فیصل اقبال، جمال الدین راجپوت، کامران شہزاد جٹ، سلیم راجپوت، پاسٹر افضل انیٹر، پاسٹر پرویز لازار، ریاست شاہ، ایرک مشتاق سہوترا اور یاسمین جاوید شامل تھے۔ اس موقع پر کمیشہ ٹرسٹ پاکستان اور دیگر سماجی و انسانی حقوق کی تنظیموں کے نمائندوں سمیت خواتین اور بچیوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ مظاہرے کے اختتام پر شرکا نے مطالبہ کیا کہ کم عمری کی شادی کے خلاف موجودہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور ماریہ شہباز کیس کے فیصلے پر فوری نظر ثانی کی جائے۔

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

مسافر شدید پریشانی کا شکار ہو گئے۔ مسافر گزشتہ شام 6 بجے سے پرواز کی روانگی کی منتظر ہیں۔ چار بجے سے ایئرپورٹ پہنچے 125 سے زائد مسافروں نے احتجاج کیا اور اس دوران ایئرپورٹ پر مسافروں اور ایئرلائن کے عملے کے درمیان تکرار بھی ہوئی۔ مسافروں نے کہا کہ پرواز کی روانگی کا وقت رات 2:20 بجے بتایا جا رہا ہے۔ ادھر نجی ایئرلائن نے کہا کہ پرواز آپریٹ کرنے کیلئے لاہور سے جہاز کی آمد کے منتظر ہیں۔ لاہور سے آنے والے جہاز سے ایئرپورٹ پر پرندہ ٹکرا گیا، کراچی آمد پر جہاز کی مرمت کے بعد پرواز روانہ ہوگی۔

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے سے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ صوبائی کونسل سندھ کے صدر علامہ سید علی عرفان عابدی، علامہ سید محمد علی شاہ زیدی اور دیگر نے کہا کہ ہم اسلامی ممالک سے مطالبہ کرتے ہیں کہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز اور اسلام دشمن قوتوں کی سازشوں سے نجات کیلئے باہم اتحاد و اتفاق کا راستہ اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایران اور امریکا میں جنگ بندی کیلئے وطن عزیز پاکستان کی سول و عسکری قیادت بالخصوص وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو تحسین پیش کرتے ہیں جن کے باعث خطہ بڑی تباہی سے محفوظ ہوا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ تمام مسلم ممالک نظریہ اساسی کی بنیاد پر وجود میں آنے والے وطن عزیز پاکستان کی قیادت کو تسلیم کرتے ہوئے متحد ہو جائیں اور عالمی استعماری قوتوں کے شکنجے سے آزادی حاصل کریں جن کی خطے میں موجودگی تحفظ کے بجائے سنگین خطرے کا باعث ہے۔ ہم او آئی سی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں میں سائنسی علوم کے فروغ اور ترقی کیلئے بین الاقوامی امام جعفر صادق یونیورسٹی کا قیام عمل میں لائے۔ مسلم دنیا حصول امن کیلئے جنت البقیع کی از سر نو تعمیر کرے۔

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

جس کے تحت فعال پیٹرول پمپس پر یومیہ ایک لیٹر مفت پیٹرول کی فراہمی کا سلسلہ گزشتہ تین روز سے جاری ہے۔ یہ سہولت بالخصوص محنت کش، دیہاڑی دار اور مزدور طبقے سے تعلق رکھنے والے بائیک رائیڈرز اور فوڈ ڈیلیوری ورکرز کے لیے ہے، جو اپنے گھر کا چولہا جلانے کے لیے روزگار کے حصول میں مصروف ہیں۔ سارف لاکھانی نے کہا کہ مخیر حضرات کو چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ آگے بڑھ کر سیلانی کا ساتھ دیں تاکہ خدمت خلق کا یہ سفر یونہی جاری و ساری رہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور غربت و بے روزگاری کے خاتمے کے لیے سیلانی کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ ادارہ اس وقت درجنوں شعبوں میں فعال انداز میں خدمات انجام دے رہا ہے اور ہزاروں ضرورت مند افراد مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ انسانیت کی خدمت کا یہ مشن اسی جذبے، لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

سیز فائر کے دن بھی سیکڑوں لبنانی قتل کیے۔ ہم اسرائیل میں ایسے ہی گھس سکتے ہیں جیسے لیبیا اور کاراباخ میں داخل ہوئے تھے۔ اردگان نے مذاکرات ناکام ہونے پر حملے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کو اس کی جگہ دکھائیں گے۔ رجب اردگان نے کہا کہ غزہ میں اسرائیل کے ہاتھوں بے رحمی سے مارے جانے والے 72,000 شہریوں میں سے اکثریت خواتین اور بچوں کی ہے۔ ہمارے پڑوس میں ساڑھے 13 سال کی خانہ جنگی میں، جن لوگوں نے سب سے زیادہ قیمت ادا کی وہ بھی خواتین اور بچے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2 مارچ سے لبنان میں شہری رہائشی علاقوں پر اسرائیل کے حملوں کی وجہ سے 12 لاکھ لبنانیوں کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا۔ ان حملوں میں 1500 سے زیادہ لبنانی بہن بھائی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے جب کہ 4700 زخمی ہوئے۔ اردگان کا کہنا تھا کہ جس دن جنگ بندی کا اعلان کیا گیا، اسرائیل نے 254 لبنانیوں کو بے دردی سے قتل کر دیا۔ خون اور نفرت میں اندھا ہو کر نسل کشی کی پالیسی ترک کیے بغیر معصوم بچوں اور عورتوں کو قتل کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

افتتاح کریں گے۔ یہ مہم صوبے سے پولیو وائرس کے مکمل خاتمے کے عزم کے تحت شروع کی جا رہی ہے، جس میں لاکھوں بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ ترجمان وزیر اعلیٰ سندھ عبدالرشید چنا کے مطابق افتتاحی تقریب بروز پیر 13 اپریل 2026 صبح 11 بجے ای پی آئی گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول، شیالین شجاعت، ڈی ایچ اے فیز 2، کراچی میں منعقد ہوگی۔ وزیر اعلیٰ اس موقع پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ مہم صوبے کے تمام اضلاع میں بیک وقت چلائی جائے گی، جس کے دوران محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ والدین میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ کوئی بھی بچہ اس حفاظتی مہم سے محروم نہ رہے۔

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کی سربراہی میں امریکہ کے ساتھ اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کے لیے آنے والا وفد واپس روانہ ہو گیا۔ ایرانی وفد کو نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اور قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق، وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایئرپورٹ پر الوداع کیا۔ مذاکرات کے لیے اسلام آباد آنے والے ایرانی وفد میں مجلس شوریٰ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی اور دیگر شامل تھے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد میں ایران اور امریکہ کے درمیان 28 فروری کو ایران پر حملوں کے بعد شروع ہونے والے جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات ہوئے، جس میں امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس کی سربراہی میں جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف اور ایران کے محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی پر مشتمل وفود نے شرکت کی۔ ایرانی وفد کے سربراہ باقر قالیباف نے مذاکرات کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ امریکہ فیصلہ کرے کہ وہ ہمارا اعتماد حاصل کر سکتا ہے یا نہیں جبکہ گزشتہ دو جنگوں کے باعث ایران کو مخالف فریق پر اعتماد نہیں ہے تاہم امریکہ ہماری منطق اور اصولوں کو سمجھ چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذاکرات میں ایران نے مثبت اور مستقبل پر مبنی تجاویز پیش کی ہیں۔ دوسری جانب امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ مذاکرات میں مختلف امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی ہے تاہم 21 گھنٹوں سے زائد جاری رہنے والے مذاکرات میں کوئی حتمی معاہدہ طے نہیں پا سکا اور وہ واشنگٹن جا کر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکا نے مذاکرات کے دوران بھرپور لچک اور نیک نیتی کا مظاہرہ کیا اور ایران کے سامنے اپنی ریڈ لائنز بھی واضح کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

مقابلے میں گزشتہ چند ہفتوں میں تقریباً چار گنا مضبوط ہوئی ہے۔ ایکسچینج کمپنیوں کے مطابق ایرانی کرنسی کے خریداروں کی تعداد میں واضح اضافہ ہوا ہے۔ کیونکہ سرمایہ کار اس توقع کے تحت ایرانی کرنسی خرید رہے ہیں کہ اس کی قدر مزید بڑھ سکتی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق اس رجحان کی بڑی وجہ قیاس آرائی پر مبنی سرمایہ کاری ہے، جہاں افراد مختصر مدت میں منافع حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاجروں کے مطابق سرحدی تجارت میں اضافہ، خصوصاً پیٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت بھی ایرانی ریال کی مانگ بڑھنے کی ایک اہم وجہ ہے۔ جس سے مقامی مارکیٹ میں اس کی گردش میں اضافہ ہوا ہے۔ ماہرین کے مطابق ایران اور امریکہ کے درمیان جاری سفارتی رابطوں نے بھی مارکیٹ کے رجحانات کو متاثر کیا ہے۔ تاہم اس تیزی کو مضبوط معاشی بنیاد کے بجائے غیر یقینی حالات میں متبادل کرنسی کی طرف رجحان قرار دیا جا رہا ہے۔ مالیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ ایسے رجحانات عموماً غیر مستحکم ہوتے ہیں اور ان میں اچانک تبدیلی آ سکتی ہے۔ اس لیے سرمایہ کاروں کو احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

نہیں کیا۔ اس کے نتیجے میں دنیا بھر کے بہت سے لوگوں اور ممالک میں بے چینی اور تکلیف پیدا ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے پانی میں بارودی سرنگیں بچھا دی ہیں حالانکہ ان کی پوری بحریہ اور ان کے زیادہ تر بارودی سرنگیں بچھانے والے مکمل طور پر تباہ کر دیے گئے ہیں، ممکن ہے انہوں نے ایسا کیا ہو لیکن کون سا جہاز مالک یہ خطرہ مول لینا چاہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچا ہے اور ان کے باقی ماندہ رہنماؤں کی عزت بھی متاثر ہوتی ہے لیکن ہم اب ان سب باتوں سے آگے بڑھ چکے ہیں جیسا کہ انہوں نے وعدہ کیا تھا، انہیں فوری طور پر اس بین الاقوامی آبی گزرگاہ کو کھولنے کا عمل شروع کرنا چاہیے اور تیزی سے کرنا چاہیے وہ ہر قانون کی کتاب کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

بھی کیا۔ دوسری جانب ایران کے نائب وزیر تیل محمد صادق نے بتایا کہ امریکا اور اسرائیل کے حملوں میں متاثر ہونے والی آئل ریفائننگ صلاحیت کی بحالی پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ آئندہ دو ماہ کے اندر 70 سے 80 فیصد پیداواری صلاحیت بحال ہو جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاوان ریفائنری کا کچھ حصہ آئندہ 10 دنوں میں دوبارہ کام شروع کر سکتا ہے، جس سے تیل کی پیداوار میں بتدریج بہتری آنے کی امید ہے۔ ماہرین کے مطابق آبنائے ہرمز عالمی تیل کی ترسیل کا ایک اہم ترین راستہ ہے، اور یہاں کسی بھی نئی پالیسی یا پابندی کے عالمی معیشت اور توانائی کی منڈیوں پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

حکمرانوں نے احتجاج کے باعث غیر ملکی مہمانوں کی آمد کے پیش نظر احتجاج موخر کیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم پاکستان میں مہمانوں کی عزت کے قائل ہیں، حکومت نے عالمی دباؤ کے تحت عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالا۔ غریب عوام کے خلاف فیصلے واپس لیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 25 کروڑ مسلمانوں کا وطن ہے اور امت کی قیادت کی صلاحیت رکھتا ہے، 78 سال سے پاکستان کو عالمی اثر و رسوخ کے تحت رکھا گیا، حقیقی آزادی، خودمختاری اور قومی خود اعتمادی ہمارا موقف ہے۔ سربراہ جمعیت علما اسلام کا کہنا تھا کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے، اس کا وجود قبول نہیں کیا جا سکتا، اسرائیل کا خاتمہ مظلوم فلسطینیوں اور امت مسلمہ کی خواہش ہے، مودی اور اسرائیل کے گٹھ جوڑ سے خطے کو خطرات لاحق ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے مطالبہ کیا کہ حکمران حلف کی پاسداری نہیں کر رہے، پاکستان کو دستور کے مطابق چلایا جائے۔

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

ساتھ شرکت کی اور اپنی شرائط واضح طور پر پیش کی ہیں، ایران نے امریکی شرائط کو تسلیم نہ کرنے کا انتخاب کیا۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ کسی ڈیل کے بغیر ہم واپس امریکا جا رہے ہیں، ایرانی وفد سے جوہری ہتھیاروں سے متعلق کوئی واضح عزم نہیں سنا، ہمیں واضح اور مثبت تصدیق درکار ہے کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔ پریس بریفنگ کے دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا بھی شکریہ ادا کیا، بعد ازاں نائب امریکی صدر جے ڈی وینس وفد کے ہمراہ اسلام آباد سے واپس امریکا روانہ ہو گئے۔ قبل ازیں ایرانی حکومت نے سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں واضح کیا تھا کہ پاکستان کی ثالثی میں ایران امریکا مذاکرات 14 گھنٹے بعد مکمل ہو گئے، فریقین کے تکنیکی ماہرین اس وقت تحریری مسودوں کا تبادلہ کر رہے ہیں، بعض اختلافات رہ گئے ہیں اس کے باوجود مذاکرات کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ایران نے مذاکرات آج بھی جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان کی تجویز اور مذاکراتی ٹیموں کے اتفاق کرنے پر ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات ہفتے کے بعد اتوار کو بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

ڈار نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے دونوں فریقین کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے جنگ بندی کے حصول اور ثالثی میں پاکستان کے کردار کو سراہا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ دونوں جانب سے اسی مثبت جذبے کے ساتھ آئندہ بھی رابطہ جاری رہے گا تاکہ پورے خطے اور اس سے آگے پائیدار امن اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ نہایت ضروری ہے کہ تمام فریقین جنگ بندی کے اپنے عزم پر قائم رہیں۔ پاکستان آئندہ دنوں میں بھی ایران اور امریکہ کے درمیان مکالمے اور رابطے کو فروغ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ایران اور امریکا کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بلائے گئے فوری جنگ بندی کی اپیل پر مثبت ردعمل دیا، اور ساتھ ہی اسلام آباد میں امن مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی دعوت قبول کی۔

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر اتفاق ہے، جو کسی بھی بڑے اور پیچیدہ تنازع میں پہلا اور بنیادی قدم سمجھا جاتا ہے۔ دونوں دیرینہ حریف ممالک کا ایک ہی میز پر بیٹھنا خود ایک بڑی سفارتی پیش رفت ہے، جسے عالمی سطح پر مثبت انداز میں دیکھا جا رہا ہے۔ سفارتی ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان نے بطور ثالث کلیدی کردار ادا کیا، جسے دونوں فریقین کی جانب سے سراہا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی قیادت میں ہونے والی یہ سفارتی کوششیں محض 24 سے 31 گھنٹوں میں مکمل ہوئیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پیچیدہ تنازعات کے باوجود پیش رفت ممکن ہے۔ یہ پیش رفت ابتدائی نوعیت کی ہے اور ابھی کئی بڑے چیلنجز درپیش ہیں، اس تنازع کی نوعیت نہایت پیچیدہ اور گہری ہے، جس میں باہمی اختلافات کے ساتھ ساتھ بیرونی عوامل بھی شامل ہیں۔ سفارتی ذرائع نے بتایا کہ جنگ بندی پر مکمل اور مستقل عمل درآمد کو اس عمل کا سب سے بڑا امتحان قرار دیا جا رہا ہے، جبکہ دیرپا امن کے لیے مزید کئی ادوار کی بات چیت ناگزیر ہوں گی اور اگلے مرحلے میں بیک چینل ڈپلومیسی اور اعتماد سازی کے اقدامات اہم کردار ادا کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر فریقین نے سنجیدگی کا مظاہرہ جاری رکھا تو قلیل مدت میں کشیدگی میں کمی، درمیانی مدت میں جزوی معاہدے اور طویل مدت میں ایک بڑے سفارتی بریک تھرو کے امکانات موجود ہیں۔ اسلام آباد مذاکرات کو ایک ”میڈا بریک تھرو“ قرار دیا جا رہا ہے، نہ کہ مکمل حل جبکہ یہ ایک عمل کا آغاز ہے اختتام نہیں اور اگر یہی رفتار برقرار رہی تو یہ مذاکرات خطے میں بڑی اور مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

ہوئے آج پاکستان کی شان دیکھیں کہ ایران، مصر اور یورپی یونین میں پاکستان کے ترانے پڑھے جا رہے ہیں، 193 ملکوں کو یہ منظر نصیب نہیں ہوا جو پاکستان کو ہوا۔ ان شاء اللہ اکانومی گروتھ بڑھے گی، گوادر اور کراچی پورٹ اپ گریڈ ہوں گے کہ یہاں سرگرمیوں کے باعث جگہ نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام بھی جانتی ہیں کہ ملک بہت اہم کام کر رہا ہے اور لوگ مبارکباد دے رہے ہیں، راولپنڈی اسلام آباد کے بند ہونے پر بھی عوام نے خوش اسلوبی سے سامنا کیا کیونکہ یہ پاکستان کے مفاد میں تھا۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی کا مذاکرات سے متعلق کہنا تھا کہ انہی دعاؤں کے نتیجے میں جس کے وجہ سے کوئی پاکستان کی جانب آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا اور آج پاکستان کی شان دیکھیں کہ آپ امن کے پیامبر بن گئے، یہ کارنامہ اس سے قبل کسی نے دیکھا اور نہ سنا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے کا محفوظ ترین ملک ہے اور یقین رکھیں محفوظ صرف اپنا گھر ہوتا ہے۔ حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ انڈیا کو پیغام ہے اپنے حکمرانوں کو سمجھائیں عوام پر توجہ دیں، وہاں 70 فیصد کو دو وقت میسر نہیں اور دہلی کے چند علاقوں پر ترقی و زندگی نظر آتی ہے، مودی سے کہتا ہوں 10 مئی کو شکست کے زخم چاٹے تھے، اب آپ اپنا گھر بچائیں۔ محکمہ ریلوے کی کارکردگی سے متعلق انکا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ریلوے کی بہتری کے لیے بلینک چیک دیا ہے، اب نہ کوئی بند ہوگی اور نہ کسی ریلوے مزید ترقی کرے گا۔ سفاری ٹرین کو اپ گریڈ کر کے تمام کوچز کو ایئر کنڈیشنڈ کر دیا گیا ہے مسافروں اور اسٹاف کو مزید بہتر سہولیات بھی دے رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ سفاری ٹرین پہلے بھی چلتی تھی لیکن فرق سوچ کا اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کا ہے، سہولت کو سندھ میں بھی شروع کیا ہے، راولپنڈی میں سفاری ٹرین کی کسی کوچ میں اے سی نہیں تھا اور عوام کو شدید گرمی میں سفر کرنا پڑتا تھا لیکن ٹرین و کوچز کو اپ گریڈ کر کے ہر کوچ میں اے سی نصب کر دیا گیا ہے اور سیٹیں بھی کشن کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

حساس اور اہم معاملات زیر بحث آئے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز، ایران کے جوہری پروگرام، جنگی ہرجانے اور پابندیوں کے خاتمے جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس کے علاوہ خطے میں جاری کشیدگی کے خاتمے اور مکمل امن کے قیام پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

اور بارشی پانی کے نکاس کے پراجیکٹس کی جلد تکمیل کی ہدایت کی گئی۔ دوران اجلاس بتایا گیا کہ سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، گجرات، اوکاڑہ، جھنگ، ملتان اور سیالکوٹ میں نکاسی آب کے پراجیکٹس جاری ہیں، جہلم، حافظ آباد، ساہیوال، فیصل آباد، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب اور راولپنڈی میں بھی نکاسی آب کے پراجیکٹس پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ 15 شہروں کیلئے 2265 کلومیٹر طویل سیوریج لائن اور بارش کے پانی کے نکاس کیلئے 189 کلومیٹر طویل پائپ لائن بچھائی جائے گی، فیز ون میں 86 ڈسپوزل اسٹیشن اور 9 انڈر گراؤنڈ سٹوریج ٹینک بنائے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ واسا سیوریج اور بارشی پانی کے نکاس کے پراجیکٹ کی تکمیل پر 752 کلومیٹر طویل سڑکیں بھی تعمیر کرائے گا، واسا کمپلیکس میں افسران کے لئے ہوٹل بھی بنائے جائیں گے، واسا، ڈیش بورڈ اور موبائل ایپ پر جاری پراجیکٹس کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ ہوگی۔ بتایا گیا کہ واسا مون سون سے قبل بڑے چینلوں اور نالوں کی صفائی کے لئے ڈی سلٹنگ مہم بھی شروع کرے گا۔

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

کے عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ملک آئین و قانون کی بالادستی کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتا۔ آئین کو اپنی مرضی کی ترامیم سے آئین کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے، عدلیہ بھی نہیں انصاف کے پورے نظام کو تباہ کر دیا گیا، امیر انصاف خرید لیتا ہے اور غریب انصاف کے لیے ساری زندگی عدالتوں کے دھکے کھاتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ وکلاء برادری آئین کی بحالی کے مشن کو لیکر اٹھیں، عدلیہ کی آزادی اور آئین کی بحالی جماعت اسلامی کی بدلو نظام تحریک کا بنیادی نقطہ ہے۔ ہمارا نظام انصاف ایک ظلم زدہ دائرہ بن چکا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آئین کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو جاتے ہیں، اقتدار پر مافیاز نے قبضہ کرلیا ہے، احتساب کا کوئی نظام نہیں، ٹیکس غریب، کسان اور تنخواہ دار طبقہ دیتا ہے، سرمایہ داروں اور جاگیرداروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر کے 25 ہزار سے زائد ملازمین ہاتھ پر ہاتھ دھرے دفتروں میں بیٹھے رہتے ہیں، عوام کی تائید کے بغیر کوئی حکومت مشکل حالات کا مقابلہ نہیں کر سکتی، موٹر سائیکل سوار، مزدوروں اور طالب علموں سے روزانہ پٹرول لیوی کی مد میں کروڑوں روپے اینٹھے جا رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ عوام ہماری بدلو نظام تحریک میں جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں، وکلا، آئین کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کے لئے جماعت اسلامی کی تحریک کا ساتھ دیں۔

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

ہے۔ ادھر نجی ایئرلائن نے کہا کہ پرواز آپریٹ کرنے کیلئے لاہور سے جہاز کی آمد کے منتظر ہیں۔ لاہور سے آنے والے جہاز سے ایئرپورٹ پر پرندہ ٹکرا گیا، کراچی آمد پر جہاز کی مرمت کے بعد پرواز روانہ ہوگی۔

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

تھی۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ مدینہ میں والد کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ لڑکی گھر والوں سے ناراض ہو کر سول اسپتال پہنچی تھی اور اس نے 2 روز وہیں گزارے۔

بقیہ نمبر 41 اطلاعات

جائے۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور شرپسندی میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ترجمان وزیر داخلہ سندھ سہیل احمد جوکھیو کے مطابق صورتحال پر قریبی نظر رکھی جا رہی ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے متحرک ہیں۔

بقیہ نمبر 42 اطلاعات

جاں بحق ہو چکے جبکہ 6 ہزار 436 افراد زخمی ہو چکے۔ دوسری جانب حزب اللہ نے بھی اسرائیلی فورسز پر میزائل اور ڈرون حملے کیے، اور ایک اسرائیلی ٹینک تباہ کر دیا۔

بقیہ نمبر 43 اطلاعات

علاقوں میں کارروائیاں کی گئیں ان میں صدر بازار، انچ بلاک مارکیٹ، پیراگون سٹی، بیدیاں روڈ، دھرم پورہ، باغبانپورہ، نبی پورہ لال پل، داروغہ والا، ہربنس پورہ اور سنگھ پورہ بازار شامل ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل صدر، کینٹ اور شالیمار میں 1800 سے زائد انسپکشنز کی گئیں۔ خلاف ورزیوں پر 35 دکانوں کو سیل کیا گیا جبکہ 75 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ تحصیل شالیمار میں دو افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ تحصیل صدر میں بیدیاں اور برکی روڈ پر رات گئے مانیٹرنگ جاری رہی، جبکہ صدر بازار میں وارننگ کے بعد مکمل بندش دیکھنے میں آئی۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے ہدایت کی ہے کہ کفایت شعاری کے مقررہ اوقات پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شادی ہالز اور ریسٹورنٹس میں ڈائن ان سروس کی بندش کو بھی یقینی بنایا جائے اور مارکیٹوں و تقریبات کے اوقات کار پر مکمل عملدرآمد کرایا جائے۔

بقیہ نمبر 44 اطلاعات

والا خودکش دھماکا پاکستان کی تاریخ کے ہولناک ترین دہشت گرد حملوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس اندوہناک سانحے میں 61 افراد شہید اور 200 سے زائد زخمی ہوئے جس نے نہ صرف شہر قائد بلکہ پورے ملک کو سوگوار کر دیا تھا۔ زوردار بم دھماکے سے جید علما کرام سمیت درجنوں افراد شہید اور سینکڑوں زخمی ہوئے، اس موقع پر افراتفری، چیخ و پکار اور ہر طرف خون ہی خون نظر آ رہا تھا۔ عینی شاہدین اور تفتیشی حکام کے مطابق خودکش حملہ آور جس کی شناخت اورنگی ٹاؤن کے رہائشی صدیق کے نام سے ہوئی، ابتدائی طور پر اس حملے کے لیے آمادہ نہیں تھا۔ جب اسے یہ بتایا گیا کہ ہدف جشن عید میلاد النبی ﷺ کا اجتماع ہے تو اس نے انکار کر دیا تھا۔ بعد ازاں تحقیقات سے معلوم ہوا کہ حملہ آور کراچی میں بک اسٹال لگاتا تھا۔ دھماکے سے قبل صدیق نے اپنی بہنوں کے نام ایک خط بھی تحریر کیا، جس میں لکھا کہ وہ اللہ کی راہ میں قربان ہونے جا رہا ہے۔ نشتر پارک میں دہشت گردی کی یہ واردات اس وقت کی گئی جب جلسے کے شرکا مغرب کی جماعت سے سلام پھیر کر بیٹھے تھے، اسٹیج کے قریب تیسری یا چوتھی صف میں کھڑے خودکش بمبار نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ اس کی جیکٹ میں تقریباً پانچ کلو بارودی مواد اور بال بیرنگ نصب تھے۔ دھماکے میں پاکستان سنی تحریک کی مرکزی قیادت سب سے زیادہ متاثر ہوئی اور اس کے کئی اہم رہنما، بشمول عباس قادری، شہید ہوئے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق متعلقہ حکام نے کہا کہ حملے کی منصوبہ بندی وزیرستان میں کی گئی تھی، جبکہ اس میں ملوث متعدد دہشت گردوں کو بعد میں گرفتار کر لیا گیا تاہم کئی مرکزی کردار تاحال مفرور ہیں۔ ماہرین کے مطابق اس دہشت گردانہ کارروائی کا مقصد فرقہ وارانہ فساد بھڑکانا اور مذہبی اجتماعات میں خوف و ہراس پھیلانا تھا، تاہم کراچی کے شہریوں اور متاثرین نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر کو بڑے تصادم سے محفوظ رکھا۔

بقیہ نمبر 45 اطلاعات

میڈیا کے مطابق ان افراد پر ”کرائے کے ایجنٹ“ کے طور پر کام کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ ریاست سے منسلک خبر رساں ایجنسی کے مطابق گرفتار افراد پر الزام ہے کہ وہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے حساس مقامات، سروس سہولیات اور اہم انفراسٹرکچر کی معلومات فراہم کر رہے تھے۔ رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی اداروں نے کارروائی کے دوران الیکٹرانک آلات، سیٹلائٹ کمیونیکیشن ڈیوائسز اور اسلحہ بھی قبضے میں لے لیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ حالیہ کشیدگی کے دوران جاسوسی کے شبہ میں درجنوں افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال امریکا اور اسرائیل کے ساتھ 12 روزہ جنگ کے بعد بھی ایران میں اسی نوعیت کی گرفتاریاں عمل میں آئی تھیں۔

بقیہ نمبر 46 اطلاعات

اور ضلعی انتظامیہ کے اہلکار فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا۔ دوسری جانب ضلعی حکام کا کہنا تھا کہ متاثرہ عمارتیں پہلے ہی خالی کرائی گئی تھیں اور مکینوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا جس سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ حکام نے بتایا کہ لینڈ سلائیڈنگ سے سڑک کا ایک حصہ بھی متاثر ہوا اور ٹریفک کی آمد و رفت مکمل طور پر معطل ہو گئی۔ علاوہ ازیں ضلعی انتظامیہ کا مزید کہنا تھا کہ حفاظتی اقدامات کے تحت قریبی عمارتیں بھی خالی کروائی گئیں، علاقہ مکمل سیل ہے اور غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی ہے۔



ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

قابلِ تحسین سفارتی کامیابی

اسلام آباد میں ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی سے متعلق اہم مذاکرات کو خطے میں امن کے لیے ایک بڑی سفارتی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملاقات کی، ملاقات میں خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، سول عسکری قیادت نے تمام فریقوں کی جانب سے تحمل کے مظاہرے کو سراہا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ قریب ہو سکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے جب کہ اسرائیل بھی اپنے حملے کم کر دے گا۔ مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد ایران نے آبنائے ہرمز کو جزوی طور پر کھولنے کا اعلان کیا ہے تاہم اس کے ساتھ سخت شرائط بھی عائد کر دی ہیں۔ ایران کے نائب صدر محمد رضا عارف نے امریکا اور اسرائیل کی جارحیت روکنے کے لیے عبوری جنگ بندی ممکن بنانے پر پاکستان کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ اپنے بیان میں انھوں نے کہا کہ ایران اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات میں فعال طور پر شرکت کرے گا۔ دنیا کی تاریخ میں کچھ لمحے ایسے ہوتے ہیں جب جغرافیہ محض سرحدوں کا نام نہیں رہتا بلکہ وہ انسانی شعور، عالمی ضمیر اور طاقت کے توازن کی نئی تعریف بن جاتا ہے۔ آج کا لمحہ بھی اسی نوعیت کا ہے، جہاں ایک طرف مشرق وسطیٰ کی زمین بارود، خوف اور غیر یقینی کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے اور دوسری طرف اسلام آباد ایک ایسے سفارتی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے جس کی طرف دنیا کی نظریں امید کے ساتھ اٹھ رہی ہیں۔ یہ محض ایک جنگ بندی یا مذاکراتی عمل نہیں بلکہ عالمی سیاست کے اس موڑ کی نمائندگی ہے جہاں پرانی صف بندیاں ٹوٹ رہی ہیں اور نئی ترجیحات جنم لے رہی ہیں۔ پاکستان کی حالیہ سفارتی سرگرمیوں کو اگر تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو یہ ایک غیر معمولی ارتقا کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ایک ایسا ملک جو کئی دہائیوں تک داخلی چیلنجز، علاقائی کشیدگی اور عالمی دباؤ کا شکار رہا، آج نہ صرف ایک ذمے دار ریاست کے طور پر خود کو منوانے کی کوشش کر رہا ہے بلکہ ایک ایسے ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے جس پر متحارب قوتیں بھی اعتماد کرنے پر آمادہ دکھائی دیتی ہیں۔ یہ تبدیلی اچانک نہیں آئی بلکہ اس کے پیچھے ایک طویل سفارتی ارتقا، علاقائی حالات کی نزاکت کا ادراک اور عالمی نظام میں اپنی جگہ بنانے کی مسلسل کوشش شامل ہے۔ مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال اس لیے زیادہ خطرناک ہے کہ اس میں براہ راست عسکری تصادم کا عنصر شامل ہو چکا ہے اور اس کے ساتھ اسرائیل کی فعال شمولیت نے اسے ایک ہمہ گیر بحران میں بدل دیا ہے۔ یہاں یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اسرائیل کی سیکیورٹی پالیسی ہمیشہ پیشگی اقدامات پر مبنی رہی ہے۔

اسلام آباد امن مذاکرات

پاکستان کی سفارتی کامیابی اور خطے میں پائیدار امن کی امید



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

اسلام آباد میں ہونے والے ایران اور امریکہ کے درمیان اہم مذاکرات اگرچہ بظاہر کسی حتمی معاہدے پر ختم نہیں ہوئے مگر انہیں مکمل ناکامی قرار دینا حقیقت کے برعکس ہے۔ یہ ایک نہایت پیچیدہ اور بڑی جنگی صورتحال تھی جس کے اثرات صرف خطے تک محدود نہیں بلکہ پوری دنیا اس کی لپیٹ میں آ چکی تھی۔ ایسے حساس اور نازک معاملات پر مذاکرات ایک یا دو نشستوں میں کامیاب ہونا ممکن نہیں ہوتا۔ معمولی نوعیت کے بین الاقوامی تنازعات بھی کئی سیشنز لیتے ہیں، تو پھر اتنی بڑی کشیدگی کو صرف 21 گھنٹوں میں ختم کرنا کیسے ممکن ہو سکتا تھا؟

پاکستان نے اس پورے عمل میں جو کردار ادا کیا وہ قابل تحسین اور قابل فخر ہے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے ایک ذمہ دار اور سنجیدہ ریاست کے طور پر اپنا مثبت تشخص دنیا کے سامنے پیش کیا۔ انہوں نے نہ صرف دونوں ممالک کو مذاکرات کی میز پر لانے میں اہم کردار ادا کیا بلکہ ایک متوازن اور پرامن ماحول بھی فراہم کیا، جہاں کھل کر بات چیت ممکن ہو سکی۔ یہ پاکستان کی سفارتی کامیابی ہے کہ دنیا کی دو بڑی طاقتیں اسلام آباد میں بیٹھ کر بات کرنے پر آمادہ ہوئیں۔

اسی طرح پاکستان کی عسکری قیادت، خصوصاً فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی حکمت عملی اور بصیرت بھی اس کامیابی کا اہم حصہ ہے۔ پاکستان کی سیکیورٹی اسٹیبلشمنٹ نے نہایت پیشہ ورانہ انداز میں نہ صرف ملک کے اندر امن کو برقرار رکھا بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک ذمہ دار قوت کے طور پر اپنا کردار ادا کیا۔ یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ حالیہ کشیدگی کو کم کرنے اور جنگ کے پھیلاؤ کو روکنے میں پاکستان کی کوششیں فیصلہ کن ثابت ہوئیں۔

یہ کہنا بالکل درست ہوگا کہ یہ مذاکرات ایک آغاز ہیں، اختتام نہیں۔ ایسے بڑے تنازعات میں پیش رفت مرحلہ وار ہوتی ہے، اور ہر سیشن اگلے دروازے کھولتا ہے۔ پاکستان کی یہ کامیابی ہے کہ اس نے ایک خطرناک جنگ کو مزید بھڑکنے سے روکا اور امن کی راہ ہموار کی۔ ان شاء اللہ، مستقبل میں بھی پاکستان اسی طرح مثبت کردار ادا کرتا رہے گا اور خلیج کے خطے میں امن و استحکام قائم رکھنے میں کلیدی حیثیت رکھے گا۔

اسلام آباد مذاکرات یا میڈیا کی بے لگامی؟ دنیا حیران، قوم پریشان!



تحریر: سید فیصل احمد

اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ مذاکرات پر پوری دنیا کی نظریں جمی ہوئی تھیں۔ دنیا بھر سے صحافی حضرات، بڑے بڑے نیوز چینلز، اخبارات کے نمائندے، ولی اینکرز اور اہم عالمی رہنما پاکستان پہنچے تاکہ اس تاریخی لمحے کے گواہ بن سکیں۔ دو دن تک عالمی میڈیا کی کوریج نے پاکستان کو دنیا کے مرکز میں لا کھڑا کیا اور ہر اسکرین پر اسلام آباد کی جھلک دکھائی دیتی رہی۔ حیران کن طور پر غیر ملکی مہمانوں نے نہ صرف پاکستان کی عزت و وقار کا خیال رکھا بلکہ پاکستانی ثقافت، روایات اور اسلامی اقدار کا بھی مکمل احترام کیا۔ کئی غیر ملکی صحافی تو اس قدر متاثر ہوئے کہ خود بھی مشرقی رنگ میں رنگے نظر آئے، اور کوشش کی کہ ان کے عمل سے کسی طور پاکستانی اقدار کو ٹھیس نہ پہنچے۔

لیکن افسوسناک پہلو یہ رہا کہ اس اہم موقع پر کچھ مقامی میڈیا چینلز نے ایسی غیر سنجیدگی اور بے احتیاطی کا مظاہرہ کیا جس نے پوری قوم کو حیرت میں ڈال دیا۔ جہاں دنیا پاکستان کے مثبت چہرے کو دیکھ رہی تھی، وہیں بعض پاکستانی اینکرز اور رپورٹرز ایسے مغربی لباس میں نظر آئے جو نہ صرف ملکی ثقافت سے مطابقت نہیں رکھتے تھے بلکہ اسلامی روایات کے بھی خلاف تھے۔ اس صورتحال نے نہ صرف سنجیدہ حلقوں میں سوالات کھڑے کیے بلکہ سوشل میڈیا پر بھی شدید ردعمل دیکھنے میں آیا۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ غیر ملکی مہمان، جن کا پاکستان سے براہ راست تعلق بھی نہیں تھا، وہ ہماری روایات کا خیال رکھ رہے تھے، جبکہ اپنے ہی لوگ اس اہم موقع کی نزاکت کو سمجھنے میں ناکام نظر آئے۔ کچھ میڈیا چینلز کی لاپرواہی اس حد تک متنازع ہو گئی کہ عالمی توجہ مذاکرات سے ہٹ کر ان کے لباس اور انداز پر مرکوز ہو گئی۔ یہ لمحہ صرف شرمندگی کا باعث نہ بنا بلکہ پاکستان کے مثبت امیج کو بھی نقصان پہنچانے کا سبب بن سکتا ہے۔

ایسے میں حکومت پاکستان کو سنجیدگی سے اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے۔ جیسے عالمی سطح پر مذاکرات کیے جاتے ہیں ویسے ہی ملک کے اندر میڈیا اداروں کے ساتھ بھی ایک موثر مکالمہ ضروری ہے تاکہ انہیں قومی تشخص، ثقافت اور اسلامی اقدار کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی تلقین کی جا سکے۔ اگر ہم خود اپنی پہچان کا احترام نہیں کریں گے تو دنیا سے اس کی توقع کیسے رکھ سکتے ہیں؟ وقت آ گیا ہے کہ میڈیا اپنی آزادی کے ساتھ ساتھ اپنی حدود کو بھی پہچانے، ورنہ ایسے مواقع بار بار قوم کو شرمندگی سے دوچار کرتے رہیں گے۔

کاروبار یا بقا؟ عوام اور حکومت کے درمیان بڑھتی خلیج



تحریر: چوہدری انیس مرچنٹ

حکومت کی جانب سے یہ حکم جاری کیا گیا ہے کہ تمام مارکیٹیں اور ریسٹورنٹس رات 10 بجے بند کر دیے جائیں، مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ فیصلہ زمینی حقائق کے مطابق ہے؟ پاکستان کو بنے دہائیاں گزر چکی ہیں، لیکن مسائل کا سلسلہ ختم ہونے کا نام نہیں لیتا۔ کبھی سیلاب، کبھی مہنگائی، کبھی بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ، تو کبھی اشیائے خورونوش کا بحران۔ عوام مسلسل آزمائش میں ہے۔ سرکاری اسپتالوں میں سہولیات کا فقدان، تعلیمی اداروں کی زبوں حالی اور غیر معیاری خوراک جیسے مسائل روزمرہ زندگی کا حصہ بن چکے ہیں۔ ایسے حالات میں مزید سخت فیصلے عوام پر بوجھ بڑھانے کے مترادف محسوس ہوتے ہیں۔

ریسٹورنٹ اور ہوٹل انڈسٹری خاص طور پر اس فیصلے سے شدید متاثر ہو رہی ہے، کیونکہ ان کا اصل کاروبار رات کے اوقات میں ہی چلتا ہے۔ اکثر مقامات پر گاہک رات 8 بجے کے بعد آنا شروع ہوتے ہیں، اور اگر 10 بجے کاروبار بند کرنا ہو تو محض دو گھنٹوں میں اخراجات پورے کرنا تقریباً ناممکن ہے۔ کرایہ، بجلی، گیس، پانی کے بل اور ٹیکسز پہلے ہی کاروباری افراد کو دباؤ میں رکھے ہوئے ہیں۔ اگر کوئی فیملی 9 بجے ریسٹورنٹ پہنچے تو وہ سکون سے کھانا بھی نہیں کھا سکتی۔ مزید یہ کہ بعض علاقوں میں باہر بیٹھنے کی سہولت پر الگ سے بھاری فیس لی جاتی ہے، جو کاروبار کو مزید مہنگا بنا دیتی ہے۔

دوسری جانب مہنگائی نے کاروباری لاگت میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے نے نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ روزمرہ اشیا کی قیمتوں کو بھی بڑھا دیا ہے۔ گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث سلنڈر استعمال کرنا پڑتے ہیں اور بجلی نہ ہونے کی صورت میں جنریٹر چلانا مجبوری بن جاتا ہے۔ سبزیوں، گوشت اور دیگر اشیا کی قیمتیں روزانہ بڑھ رہی ہیں، مگر گاہک مہنگا کھانا قبول کرنے کو تیار نہیں۔ ایسے میں کاروباری افراد ایک مشکل دائرے میں پھنس چکے ہیں جہاں اخراجات بڑھ رہے ہیں مگر آمدن کم ہو رہی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسیز بنائے۔ ریسٹورنٹس کو کم از کم رات 11 یا 12 بجے تک کھلا رکھنے کی اجازت دی جائے تاکہ وہ اپنے اخراجات پورے کر سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہوٹل انڈسٹری کے نمائندوں اور چیمبر آف کامرس کے ساتھ مشاورت کر کے متوازن حل نکالا جائے۔ لاکھوں افراد کا روزگار اس شعبے سے وابستہ ہے، اور ان کے مسائل کو نظر انداز کرنا معیشت کے لیے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اگر واقعی بہتری مقصود ہے تو حکومت کو سختیوں کے بجائے سہولت اور انصاف پر مبنی اقدامات کرنے ہوں گے۔



کراچی، مجلسِ ولا النبی کی عید ملن میں آصف مصدقاتی، اسلم فاروقی، حسنین ہاشمی، اشفاق لودھی کا گروپ فوٹو

کراچی کے فائر کنٹرول نظام کی بہتری کیلئے مکمل تعاون کیا جائیگا' غلام محمد ناز

نئے اسٹیشنز بنانے سے قبل پرانے قائم تمام فائر اسٹیشنز کی اپ گریڈیشن کی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان فائر اینڈ ریسکیو ورکرز اسوسی ایشن پاکستان کے مرکزی چیئرمین غلام محمد ناز، صدر طارق تمنا امتیاز، جنرل سیکریٹری سید ذوالفقار شاہ نے کے ایم سی کی جانب سے کراچی میں ... نئے فائر اسٹیشنز کے قیام کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ محض 22 سے 24 فائر اسٹیشنز کراچی کی تین کروڑ کی آبادی کے لیے ناکافی ہیں لہٰذا نئے فائر اسٹیشنز کا قیام ازحد ضروری ہے لیکن اس سے قبل خستہ حال اور بغیر بلڈنگز کے قائم اسٹیشنز کی پہلے اپ گریڈیشن کی جائے، اس میں تمام بنیادی سہولتیں بشمول 24 گھنٹے پانی، بجلی کی لازمی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ فائر فائٹرز کے رہائشی مکانات کی ضروری مرمت کا بندوبست کیا جائے۔ جدید آلات، مشینری اور قابل مرمت گاڑیوں کا فلیٹ قابل استعمال بنایا جائے۔ اعلیٰ معیاری یونیفارم فائر فائٹرز کو دیے جائیں۔ فائر فائٹرز کی بھرتی میں اسٹاف کو اور ٹرینڈ میں عرصہ دراز سے متعین فائر فائٹرز کے تجربے کار و تربیت یافتہ بچوں کو قانون کے تحت فوقیت دی جائے۔ بھرتی کے عمل کو شفاف بنانے کیلئے پاک فوج کی خدمات لی جائیں کسی بھی قسم کا نشہ، پان سگریٹ، گٹکا وغیرہ استعمال کرنے والے افراد کو بھرتی نہ کیا جائے بہترین طبی ماہرین کے مکمل چیک اپ کے بعد بھرتی کی جائے۔

ایران امریکا کشیدگی جنگ کے سائے اور پاکستان کا سفارتی امتحان



تحریر: محمد عبید اللہ میرانی
صدر کورنگی پریس کلب کراچی

دنیا ایک بار پھر جنگ کے دہانے پر کھڑی ہے جہاں ہر غلط فیصلہ صرف ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے تباہی کا سبب بن سکتا ہے اور ان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی امن معیشت اور انسانی اقدار کے لیے بڑا خطرہ بن چکی ہے حالیہ صورتحال میں اسلام آباد میں ہونے والے اہم مذاکرات کے باوجود کوئی حتمی پیش رفت سامنے نہ آ سکی جس سے خطے میں بے چینی مزید بڑھ گئی ہے امریکی نائب صدر نے واضح طور پر کہا کہ ان کا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ ایران ایٹمی ہتھیار نہ بنائے اور ایسے وسائل بھی حاصل نہ کرے جو اسے ایٹمی طاقت بنا سکیں تاہم ایران اپنی خودمختاری اور دفاعی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ کرنے کے لیے تیار نظر نہیں آتا تقریباً اکیس گھنٹے تک جاری رہنے والے مذاکرات کے باوجود کسی نتیجے پر نہ پہنچنا اس بات کا ثبوت ہے کہ اختلافات صرف سیاسی نہیں بلکہ نظریاتی نوعیت کے بھی ہیں اسی دوران امریکی صدر کا یہ جارحانہ بیان کہ معاہدہ ہو یا نہ ہو کوئی فرق نہیں پڑتا صورتحال کو مزید سنگین بنا رہا ہے ایسے بیانات نہ صرف سفارتکاری کو کمزور کرتے ہیں بلکہ دنیا کو اس سمت لے جاتے ہیں جہاں طاقت کی زبان غالب آ جاتی ہے جبکہ تاریخ یہ بتاتی ہے کہ جنگیں مسائل کا حل نہیں بلکہ مزید مسائل کو جنم دیتی ہیں اس تنازع کا سب سے دردناک پہلو انسانی المیہ ہے رپورٹس کے مطابق ایران میں ہونے والے حملوں میں ہزاروں افراد زخمی ہوئے ہیں جن میں سینکڑوں بچے خواتین اور عام شہری شامل ہیں جب دو اور پانچ سال کے معصوم بچے بھی اس آگ کا شکار ہوں اور اسپتال بھی محفوظ نہ رہیں تو یہ صرف سیاست نہیں بلکہ انسانیت کی ناکامی بن جاتی ہے صحت کے شعبے کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے متعدد ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنی خدمات انجام دیتے ہوئے جان کی بازی ہار چکے ہیں ایمبولینسیں تباہ ہو چکی ہیں اور طبی سہولیات بری طرح متاثر ہوئی ہیں جو کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے اس نازک صورتحال میں ایک ذمہ دار اور متوازن کردار ادا کیا ہے اسلام آباد میں مذاکرات کی میزبانی کرتے ہوئے پاکستان نے نہ صرف دونوں فریقین کو ایک میز پر بٹھایا بلکہ عالمی سطح پر اپنی سفارتی اہمیت کو بھی اجاگر کیا نائب وزیراعظم کا یہ بیان کہ پاکستان مذاکرات میں سہولتکاری جاری رکھے گا ایک مثبت اشارہ ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے لیے سنجیدہ ہے یہ کردار نہ صرف سفارتی کامیابی ہے بلکہ عالمی برادری کے لیے امید کی ایک کرن بھی ہے دوسری جانب اس تنازع کے معاشی اثرات بھی انتہائی گہرے ہو سکتے ہیں آبنائے ہرمز دنیا کی تیل کی فراہمی کے لیے ایک اہم گزرگاہ ہے اگر یہاں کشیدگی میں اضافہ ہوتا ہے یا راستہ بند ہوتا ہے تو عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں جس کا براہ راست اثر پاکستان جیسے ترقی پذیر مملکت پر پڑے گا مہنگائی میں اضافہ ہوگا معیشت دباؤ کا شکار ہوگی اور عام آدمی کی زندگی مزید مشکل ہو جائے گی اس کے علاوہ عالمی طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی چین اور دیگر ممالک کی پالیسیوں پر بھی اثر انداز ہو رہی ہے نئے اتحاد بن رہے ہیں اور عالمی سیاست ایک نئے رخ کی طرف بڑھ رہی ہے ایسے میں چھوٹے ممالک کے لیے متوازن پالیسی اپنانا نہایت ضروری ہو گیا ہے سوال یہ ہے کہ کیا دنیا ایک اور بڑی جنگ کی طرف بڑھ رہی ہے یا سفارتکاری اس آگ کو بجھا سکتی ہے اگر مذاکرات کا عمل جاری رہا تو امید ہے کہ کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا لیکن اگر طاقت کا مظاہرہ اور سخت بیانات جاری رہے تو صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے



کراچی ابوذر ہاؤس میں شہید نجیب احمد کی 36 ویں برسی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے مشیر وزیر اعلیٰ سندھ سید نجمی عالم، پیپلز پارٹی سینیٹر رضا فرید خان، ابوذر ملک کے ذریعے خطاب کر رہے ہیں

کے الیکٹرک بجلی کی بڑھتی ہوئی لوڈ شیڈنگ کے ذریعے عوام پر ظلم کر رہی ہے' عبدالغفور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف سماجی رہنما عبدالغفور نے بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ میں اضافے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک عوام کو بجلی کی سہولیات فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو گئی انہوں نے کہا عوام کو بجلی کی آنکھ مچولی کا بڑا سامنا ہے بجلی کی لوڈ شیڈنگ میں اضافہ سے کاروباری سرگرمیاں متاثر اور عوام ذہنی مریض بن گئے انہوں نے کہا کہ کے الیکٹرک کی گنڈا گردی عوام کو ذہنی مریض بنا دیا صوبائی حکومت کے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی پر سنجیدگی سے نوٹس لے۔



پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ... (caption partly illegible) ... کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

تمام معاملات کو قواعد و ضوابط کے مطابق دیکھا جا رہا ہے، پروفیسر ناز لی حسین

کسی کے ساتھ ناانصافی ہوگی نہ ہی کسی بدعنوانی کو نظر انداز کیا جائے گا، جانچ پڑتال کا عمل جاری

پروفیسر نسرین ناز 18 جولائی 2023 کو عمر کی حد مکمل ہونے پر ریٹائر ہو چکی ہیں، تین سال تنخواہ ...

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں جاری انضباطی عمل کے دوران ریڈیولوجی ڈپارٹمنٹ کی سابق ڈائریکٹر، پروفیسر نسرین ناز سے متعلق اہم انکشافات سامنے آئے ہیں، جس کے بعد معاملہ تحقیقات کے دائرے میں آ گیا ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق پروفیسر نسرین ناز 18 جولائی 2023 کو عمر کی حد مکمل ہونے پر ریٹائر ہو چکی تھیں۔ ...

شہری کی جان کی تحفظ موجودہ سندھ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ عبدالرحمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک انصاف ... خان کالونی کے صدر عبدالرحمان نے کہا کہ صوبائی حکومت کراچی میں ٹریفک قوانین کو کنٹرول کرنے میں ... سندھ حکومت کی ذمہ داری ہے۔

جنگ بندی کے لیے فیلڈ مارشل کی خدمات قابل فراموش ہیں۔ حاشر عمر

...

سماجی خدمات کے ذریعے ایک بہتر معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے، شمسہ مہ جبین

نوجوانوں کو فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے تاکہ معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے

انسانیت کی خدمت ہی اصل کامیابی اور معاشرتی بہتری کی بنیاد ہے، صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی صدر شمسہ مہ جبین نے کہا ہے کہ انسانی خدمت، فلاحی سرگرمیوں کا فروغ اور ضرورت مند طبقات کی مدد ہر معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ...

پی کیو ایم پاکستان قابل مومنٹ عوام کے مسائل کا حل چاہتی ہے' جمیل خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی کیو ایم پاکستان قابل موومنٹ سندھ کے نائب صدر جمیل خان نے ... بجلی کی بدترین لوڈ شیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ...

اختلاف کے باوجود شائستگی ہی معاشرتی امن کی ضمانت ہے: ڈاکٹر عزیز محمود الازہری

مخالفین کے ساتھ بھی مہذب، شائستہ اور باوقار رویہ اپنانا ہی اسلامی تعلیمات اور قومی یکجہتی کا تقاضا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آن لائن منعقدہ جامعۃ الازہر کے فکری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے معروف اسکالر ڈاکٹر عزیز محمود الازہری نے کہا ہے کہ اختلاف رائے ایک فطری امر ہے، مگر اس اختلاف کو دشمنی میں بدل دینا معاشرتی انتشار اور بداخلاقی کا سبب بنتا ہے۔ ...



صدر ٹاؤن کے ملازمین میونسپل کمشنر اور چیف میڈیکل آفیسر کی عدم تعیناتی کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

پاکستان مسلم لیگ امن و امان کی ضامن ہے۔ جاوید حسین انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ... ڈسٹرکٹ ویسٹ کے نائب صدر جاوید حسین انصاری نے بین الاقوامی سطح پر جنگ بندی کروانے میں اہم کردار ادا کرنے پر وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ... فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے جو امن قائم کرنے میں ثالثی کا کردار ادا کیا ہے اس کو پوری دنیا سراہ رہی ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی کے سابق آؤٹ آفیسر حاکم خان انتقال کر گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیہ عظمیٰ کراچی کے محکمہ ... میں 35 سال سے زائد عرصہ خدمات انجام دینے کے بعد ریٹائرمنٹ کے باوجود ملازمین کو ماہانہ خدمات انجام دینے والے سابق آؤٹ آفیسر کے ایم سی حاکم خان گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ ... ان کے انتقال کی خبر ملنے پر ... سید ذوالفقار شاہ نے ... تعزیت کی۔

کے ایم سی کو ماہانہ ایک ارب 93 کروڑ کے اجرا کے باوجود، ملازمین تنخواہوں سے محروم

فنانشل ایڈوائزر حساب دیں بصورت دیگر حکومت سندھ اضافی فنڈز جاری نہیں کرے گی، صدر یونین سید ذوالفقار شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے ایم سی کے فنانشل ایڈوائزر فنڈز گرانٹ کی ادائیگی سے محروم ہیں ... حکومت سندھ کو ماہانہ ایک ارب 93 کروڑ کی اوڈی گرانٹ، پنشن گرانٹ، اسپیشل گرانٹ کا حساب دینے ... 2800 سے زائد ملازمین ...

ڈکیتی کی واقعات نے شہریوں کو ذہنی مریض بنا دیا۔ زاہد اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن کے اپوزیشن لیڈر زاہد اقبال نے کراچی میں ڈاکو راج کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہری ڈاکو کے ہاتھوں سے محفوظ نہیں انہوں نے کہا کہ ڈکیتی کی واقعات نے شہریوں کو ذہنی مریض بنا دیا عوام گلی اور محلے میں محفوظ نہیں انہوں نے کہا کہ کراچی میں ڈاکو راج قائم ہے حکومت شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں۔ جبکہ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی تحفظ حکومت کی اول ذمہ داری ہے۔

شہریوں کی جان و مال کی تحفظ حکومت کی اول ذمہ داری ہے۔ زاہد اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن کے اپوزیشن لیڈر زاہد اقبال نے کراچی میں ڈاکو راج کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہری ڈاکو کے ہاتھوں سے محفوظ نہیں انہوں نے کہا کہ ڈکیتی کی واقعات نے شہریوں کو ذہنی مریض بنا دیا عوام گلی اور محلے میں محفوظ نہیں انہوں نے کہا کہ کراچی میں ڈاکو راج قائم ہے حکومت شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں جائیں۔

تعفن اور بدبو کے باعث بیماریاں پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا۔ جلال خان

بارش کے بعد ایک خطرناک صورتحال اختیار کر گیا، مارکیٹ میں بارش کا پانی جمع ہونے خواتین سخت پریشان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریسلامت پارٹی کے چیئرمین جلال خان نے گلشن ضیا مارکیٹ اورنگی ٹاؤن کا دورہ کیا ... بارش کے بعد ایک خطرناک صورتحال اختیار کر گیا، مارکیٹ میں بارش کا پانی جمع ہونے ... تعفن اور بدبو کے باعث بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ...

حق و باطل کی کشمکش میں ہماری صلاحیتیں حق کی سربلندی میں صرف ہوں' شبنم امیر

قرآن و حدیث کی روشنی میں امت واحدہ کے احساس اور ہمارے کردار پر ڈسکشن ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حلقہ خواتین جماعت اسلامی ضلع ... "ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے" کے عنوان سے ... ورکشاپ کروائی۔ ...



اسد اللہ بھٹو ملی یکجہتی کونسل سندھ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



کے ایم سی ملازمین و پنشنرز تنخواہوں پنشن میں عدم اضافے کے خلاف کے ایم سی ہیڈ آفس کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں